CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | جمعۃ المبارک، 5 جون 2026ء، 19 ذوالحج 1447ھ (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 156

وزیر اعظم

مختلف شعبوں کا ٹیرف مرحلہ وار کم کریں گے

وزیر اعظم شہباز شریف نے معیشت، ٹیرف پالیسی 2025-30 اور ایف بی آر اصلاحات پر اجلاس میں برآمدات، سرمایہ کاری اور ٹیکس نظام کی بہتری کے لیے اہم ہدایات جاری کیں

نیشنل ٹیرف پالیسی کے تحت مختلف شعبوں میں مرحلہ وار ٹیرف کمی کی جائے گی تاکہ برآمدات میں اضافہ، صنعتی ترقی اور ملکی معیشت کو مستحکم بنیادوں پر آگے بڑھایا جا سکے

لاجسٹکس اور تعمیراتی شعبے کی ترقی کے لیے کنٹینرز، ٹریلرز اور مشینری پر ڈیوٹی کم یا ختم کرنے کی تجاویز زیر غور ہیں تاکہ کاروباری لاگت میں واضح کمی لائی جائے

ایف بی آر اصلاحات میں ٹیکس نظام کو خودکار، شفاف اور فیس لیس بنانے پر زور دیا گیا ہے تاکہ انسانی مداخلت کم ہو اور محصولات میں مؤثر اضافہ ممکن ہو

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت معیشت کی مجموعی ترقی، نیشنل ٹیرف پالیسی 2025-30ء کے نفاذ اور ایف بی آر میں جاری اصلاحات کے حوالے سے دو اہم اجلاس منعقد ہوئے جن میں برآمدات کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے اور ٹیکس نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نے نیشنل ٹیرف پالیسی 2025-30ء پر پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ برآمدات پر مبنی ترقیاتی اہداف کا حصول حکومت کی اولین ترجیح ہے، نیشنل ٹیرف کمیشن کی فعال اور شفاف کارکردگی ملکی صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے، سرمایہ کاروں اور صنعت کاروں کی سہولت کے لیے کمیشن کو اپنا کردار مزید مؤثر بنانا ہوگا۔ وزیر اعظم نے ہدایت دی کہ (بقیہ نمبر 36)



اگر پنجاب میں بلدیاتی نظام نہیں

تو لاہور کو صوبہ بنایا جائے: شرمیلا فاروقی

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شرمیلا فاروقی نے رانا ثناء اللہ کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا پنجاب میں بلدیاتی الیکشن نہیں ہو رہے تو لاہور کو بھی الگ صوبہ بنا دیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شرمیلا فاروقی نے اے آر وائی نیوز کے پروگر (بقیہ نمبر 1)

بلوچستان میں پٹرول بحران، قیمت 500 روپے فی لیٹر

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں پیٹرول 500 روپے فی لیٹر تک فروخت ہونے لگا جبکہ متعدد فلنگ اسٹیشنز عارضی طور پر بند ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے مختلف علاقوں میں پٹرولیم مصنو (بقیہ نمبر 6)

بلوچستان اسکول اصلاحات، یونیفارم شرط ختم، نئی پالیسی

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) صوبائی حکومت نے پرائمری سطح پر اسکولوں میں یونیفارم کی شرط ختم کرتے ہوئے کہا بچے اور بچیاں بنیادی تعلیم ایک ہی اسکول میں حاصل کر سکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفر (بقیہ نمبر 5)

ایلون مسک نے پاکستان عدالتی نظام کی تعریف کر دی

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) ایلون مسک نے موٹروے گینگ ریپ کیس کے فیصلے پر پاکستان کے عدالتی نظام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ مغرب میں ایسا ہی انصاف کا نظام ہونا چاہیے۔ تفصیلات کے مطابق سوشل (بقیہ نمبر 4)

پاکستان میں ایسا مافیا جو ساری پارٹیوں میں موجود ہے، حافظ نعیم

تنخواہ دار طبقہ بھاری ٹیکس ادا کر رہا ہے جبکہ جاگیردار ٹیکس سے بچ رہے ہیں

بڑے کاشتکار اور جاگیردار ٹیکس ادا نہیں کرتے، نظام میں بڑی ناانصافی موجود ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایسا مافیا ہے جو ساری پارٹیوں میں موجود ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بڑے کاشت کار کا رانکم ٹیکس ادا نہیں کرتے، بڑے بڑے جاگیردار ٹیکس نہیں دیتے، بڑے بڑے جاگیردار ٹیکس نہیں دیتے جن پر ٹیکس لاگو ہی نہیں ہوتا ان سے 500 ارب تک لیوی کے نام پر ٹیکس لیا جا رہا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ یہ ظلم کی ایک مثال ہے، تنخواہ دار طبقے سے 605 ارب ٹیکس وصول کیا گیا، بجٹ میں مڈل کلاس طبقے پر ٹیکس (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی نوسر باز گرفتار، 7 گاڑیاں برآمد

راولپنڈی: شہری سے کروڑوں کی 7 گاڑیاں رینٹ پر لے کر بیچنے والا نوسر باز کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی کے علاقے کلرسیداں پولیس نے ایک بڑی اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے شہری سے کروڑوں روپے مالیت کی 7 گاڑیاں رینٹ پر لے (بقیہ نمبر 2)

شوہر کے سامنے خاتون قتل، سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر

کراچی ((نیوز ڈیسک): شہر قائد کے علاقے منگھوپیر میں خاتون کے قتل کے افسوس ناک واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی ہے۔ پولیس کے مطابق واردات 2 جون (بقیہ نمبر 7)

پاکستان کا نیا بجٹ 2026-27 معیشت بحران

بجٹ سے ترقی، روزگار اور معاشی بہتری کی امیدیں معدوم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت آئندہ ہفتے نیا بجٹ 2026-27 پیش کرنے جا رہی ہے، لیکن ملکی معیشت اس وقت شدید مشکلات کا شکار ہے بجٹ میں معاشی ترقی، ملازمتوں اور خوشحالی کا کوئی امکان نظر نہیں آ رہا۔ اے آر وائی نیوز کے پروگرام آن مائی راڈار میں سینئر تجز (بقیہ نمبر 8)

شارع فیصل حادثہ 12 سالہ بچہ جاں بحق

سی سی ٹی وی میں ٹریکٹر سے ہولناک حادثہ منظر عام

کراچی (نیوز ڈیسک): شارع فیصل پر ٹریکٹر کی زد میں آ کر 12 سالہ بچہ جاں بحق ہو گیا، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی ہے۔ کراچی کے علاقے شارع فیصل پر کراچی پولیس آفس (کے پی او) کے قریب پیش آنے والے افسوس ناک ٹریفک حادثے میں 12 سالہ بچہ عثمان (بقیہ نمبر 9)

خان پور مسافر بس میں اچانک آگ، متعدد زخمی

آموں کی پیٹیوں سے مبینہ آتشزدگی، مسافروں نے جانیں بچائیں

خان پور (4 (نیوز ڈیسک) مسافروں کے بھری بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی متعدد زخمی ہو گئے مسافروں کے مطابق آتشزدگی کی وجہ آم بنے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق خان پور میں مسافر بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں متعدد مسافر زخمی ہو گئے جب کہ (بقیہ نمبر 10)

پی آئی اے اثاثے نجکاری میں منتقل، اربوں مالیت منظر عام

ملکی و غیر ملکی قیمتی اثاثے نجی کنسورشیئم کے حوالے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی ملکی و غیر ملکی فروخت ہونے والی پراپرٹیز کی تفصیلات منظر عام پر آ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 11)

ایران کسی کے سامنے جھکنے کو تیار نہیں، قالیباف

تہران میں ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر نے کہا کہ ایران کو دھمکی دینے کا دور ختم ہو چکا ہے اور ملک ہر جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران کو دھمکی دیں اور اس کے نتائج نہ بھگتیں وہ دور چلا گیا ہے، امریکا اور اسرائیل جیسے دو دشمنوں کو دیے گئے جواب سے ظاہر ہو گیا ہے کہ ایران کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ نجی ٹی وی چینل ایکسپریس نیوز کے مطابق محمد باقر قالیباف نے ایرانی انقلاب کے بانی امام خمینی کی 37 ویں برسی کے موقع پر پیغام میں کہا کہ ایران کو دھمکی دینے پر نتائج نہ بھگتنے کا دور واضح طور پر چلا گیا ہے، خمینی کی تعلیمات کی روشنی میں ایرانی قوم نے امریکا اور اسرائیل کے ساتھ حالیہ جنگ میں دنیا کو دکھایا کہ وہ دباؤ کبھی برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ خمینی نے ایرانی قوم کو سبق دیا تھا کہ کسی قسم کی جارحیت اور برتری کے سامنے گھٹنے مت ٹیکنا اور ہر جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران میں کروڑوں لوگ امام خمینی اور آیت اللہ علی خامنہ ای کی (بقیہ نمبر 37)

کراچی کیلئے الگ بلدیاتی نظام ضروری، رانا ثناء اللہ

بلاول بھٹو کی تقریر پر ردعمل دیتے ہوئے کراچی کے مسائل پر بات چیت کی ضرورت پر زور دیا گیا

بی آئی ایس پی میں مبینہ کرپشن اور ٹیکس نظام پر تنقید کرتے ہوئے اصلاحات کا مطالبہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ کراچی میں الگ بلدیاتی نظام بنانا ہوگا۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے اے آر وائی نیوز کے پروگرام آن مائی ریڈار میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی کے معاملات انتہائی تشویشناک ہیں، جس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ کراچی کے لیے الگ بلدیاتی نظام بنانا اور بلدیاتی اداروں کو اختیار دینا ہوں گے، اگر ایسا نہیں (بقیہ نمبر 28)

عمر کوٹ چائلڈ پروٹیکشن افسر نازیبا ویڈیو پر گرفتار

12 سالہ لڑکی کیس، ویڈیو وائرل، ملزم نے الزام مسترد کیا

عمر کوٹ (نیوز ڈیسک) سندھ کے شہر عمر کوٹ میں 12 سالہ لڑکی سے مبینہ طور پر نازیبا حرکت کرنے والا چائلڈ پروٹیکشن افسر گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ٹیوشن سینٹر پر ملازمت کرنے والی 12 سالہ لڑکی سے مبینہ نازیبا حرکت کی ویڈیو وائرل ہوئی جس میں ممتاز بھٹی (بقیہ نمبر 27)

پیپلز پارٹی اور حکومت میں بجٹ اختلافات شدت اختیار کر گئے

پیپلز پارٹی اور حکومت کے درمیان بجٹ پر ڈیڈ لاک برقرار، مذاکرات کا سلسلہ جاری ہے

حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان ٹیکسز اور پی ایس ڈی پی پر اختلافات شدت اختیار کر گئے ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی اور حکومت کے مابین بجٹ پر ڈیڈ لاک کی اندرونی کہانی سامنے آئی ہے، چیئرمین بلاول بھٹو نے بجٹ پر حکومت سے خود مذاکرات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع پیپلز پارٹی کے مطابق بلاول بھٹو نے پارٹی کی کمیٹی کو بجٹ پر حتمی فیصلہ سے روک دیا ہے، وہ گلگت بلتستان سے واپسی پر حکومت سے بات چیت کریں گے، پارٹی نے حکومت کو بلاول کے فیصلے سے آگاہ کر دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بلاول بھٹو

پاکستان میں فی کس قرضہ 3 لاکھ 33 ہزار

ملکی قرضہ بڑھ کر جی ڈی پی کے 67 فیصد تک پہنچا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ہر پاکستانی شہری پیدائشی طور پر لاکھوں روپے کا مقروض ہے، گزشتہ سال 13 فیصد اضافے کے بعد فی کس قرضہ 3 لاکھ 33 ہزار روپے تک پہنچ گیا ہے۔ پاکستان میں بڑھتے ہوئے عوامی قرضے نے حکومت اور معیشت دونوں کے لیے خطرے کی گھنٹی بجا (بقیہ نمبر 26)

گاڑی مالکان کیخلاف کریک ڈاؤن، جرمانے اور ضبطی وارننگ

ٹوکن ٹیکس نادہندگان پر سخت کارروائی، گاڑیاں ضبط کرنے کا اعلان

لاہور (نیوز ڈیسک) گاڑی مالکان کیخلاف بڑے کریک ڈاؤن کا اعلان کرتے ہوئے 100 فیصد جرمانے اور گاڑی ضبط کیے جانے کی وارننگ جاری کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ نے ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے خلاف صوبہ بھر میں بڑے کریک ڈاؤن کا اعلان کر دیا ہے۔ مالی سال کے اختتام سے قبل واجبات کی وصولی کے لیے سخت اقدامات کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ نادہندگان کو 100 فیصد جرمانے اور گاڑی ضبط کیے (بقیہ نمبر 25)

ترکیہ وزیر خارجہ کا بھارت کو دوٹوک جواب

پاک ترک تعلقات پر بھارتی اعتراضات مسترد، دوستی مضبوط قرار

انقرہ (نیوز ڈیسک) ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان نے پاکستان اور ترکیہ کے مضبوط، برادرانہ تعلقات پر بھارت کی بے چینی اور اعتراضات کو یکسر مسترد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے پاک ترک مضبوط تعلقات پر بھارت کی (بقیہ نمبر 24)

کوئٹہ میں موبائل انٹرنیٹ سروس دوبارہ معطل

سیکیورٹی خدشات کے باعث عارضی بندش، شہری مشکلات کا شکار

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) موبائل فون ڈیٹا انٹرنیٹ سروس ایک مرتبہ پھر معطل ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور اس کے گردونواح کے علاقوں میں موبائل فون ڈیٹا انٹرنیٹ سروس ایک مرتبہ پھر معطل کر دی گئی ہے۔ اس سے قبل گزشتہ روز بھی دن کے وقت انٹرنیٹ سروس بند کی گئی تھی، جس کے باعث شہریوں اور انٹرنیٹ پر منحصر کاروباری طبقے کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ موبائل انٹرنیٹ کی بندش (بقیہ نمبر 23)

پرائم منسٹر الیون نے سلیبر ٹیز الیون کو شکست

اسلام آباد نمائشی میچ، پرائم منسٹر الیون کی شاندار فتح

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): معرکہ حق ٹی ٹوئنٹی نمائشی میچ میں پرائم منسٹر الیون نے سلیبر ٹیز الیون کو 4 وکٹوں سے ہرا دیا۔ افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے اسلام آباد میں پرائم منسٹر الیون اور سلیبر ٹیز الیون کے درمیان ٹی 20 نمائشی میچ ہوا، جس میں پرائم منسٹر الیون نے (بقیہ نمبر 22)

مارکیٹ اوقات سے متعلق نوٹیفکیشن جعلی قرار

محکمہ داخلہ سندھ نے سوشل میڈیا نوٹیفکیشن کو مسترد کر دیا

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں مارکیٹوں، ریسٹورنٹس اور شادی ہالز کے اوقاتِ کار سے متعلق نوٹیفکیشن جعلی نکلا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ داخلہ سندھ نے سوشل میڈیا پر مارکیٹوں، ریسٹورنٹس اور شادی ہالز کے اوقاتِ کار (ٹائمنگ) کے حوالے سے گردش کرنے والے نوٹیفکیشن کو (بقیہ نمبر 21)

جدہ ایئرپورٹ پر حجاج کرام کو شدید مشکلات

پی آئی اے طیارہ خرابی، 17 گھنٹے تاخیر سے پرواز روانہ

کراچی (نیوز ڈیسک) پی آئی اے کی بڑی غفلت کے باعث جدہ ایئرپورٹ پر حجاج کرام رُل گئے، انتظامیہ نے ایک ماہ سے خراب طیارہ بغیر چیک کیے حجاج کرام کو لینے جدہ بھیج دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی انتظامیہ اور انجینئرز کی مبینہ غفلت کے باعث جدہ ایئرپورٹ پر سینکڑوں حجاج کرام شدید مشکلات کا شکار ہو گئے۔ جدہ (بقیہ نمبر 20)

گولمل یونیورسٹی اسکینڈل، 514 مشکوک ڈگریوں کا بڑا انکشاف

پشاور (نیوز ڈیسک) گولمل یونیورسٹی میں 514 مشکوک ڈگریوں کا انکشاف سامنے آیا، جس پر اہم افسران کو معطل کرتے ہوئے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کی معروف درسگاہ گولمل یونیورسٹی میں جعلی ڈگریوں اور کروڑوں روپے کی مالی (بقیہ نمبر 13)

سفاک ماں نے سگی بیٹی کو زہر دے کر قتل کر دیا، ملزمہ کو گرفتار

فیصل آباد (نیوز ڈیسک) سفاک ماں نے سگی بیٹی کو زہر دے کر قتل کر دیا لڑکی کے والد کی ملزمہ کو گرفتار کروا دیا۔ یہ سفاکانہ واقعہ فیصل آباد کے جگرا نواں میں پیش آیا، جہاں ماں نے اپنی سگی نوجوان بیٹی کو زہر دے کر قتل کر ڈالا۔ المناک قتل کی واردات کو چھپانے کے لیے مقتولہ (بقیہ نمبر 14)

گاڑیوں کے تاجر کو مبینہ طور پر اغوا کرنے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی

کراچی (نیوز ڈیسک) خالد بن ولید روڈ سے گاڑیوں کے تاجر کو مبینہ طور پر اغوا کرنے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے مصروف ترین اور گاڑیوں کے کاروبار کے لیے مشہور علاقے خالد بن ولید روڈ پر مبینہ اغوا کی ایک سنسنی خیز اور دل دہلا دینے (بقیہ نمبر 15)

ایران امریکہ جنگ کا خاتمہ پائیدار امن انتہائی ناگزیر، گورنر خیبر پختونخوا

پاکستان نے ایران کی ترقی، خطے میں استحکام اور امن کے لیے مکمل حمایت کا اظہار کیا ہے

خیبر پختونخوا اور ایران کے درمیان تجارتی و پارلیمانی وفود کے تبادلے کو ضروری قرار دیا گیا ہے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے گورنر ہاس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ اس موقع پر گورنر نے کہا کہ ایران امریکہ جنگ کا خاتمہ اور پائیدار امن انتہائی ضروری ہے، قیام امن میں ہی عالمی ترقی اور خوشحالی کا راز ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان قیام امن کا خواہاں اور اسکے لئے کوشاں ہے، ایران کی جانب سے حالیہ جنگ میں اتحاد صبر برداشت کی بدولت انہیں فتح ملے گی (بقیہ نمبر 16)

امریکی خاتون کا اسلام قبول، پاکستانی نوجوان سے نکاح

سوشل میڈیا دوستی محبت میں بدلی، خاتون پاکستان پہنچ گئیں

پسرور (نیوز ڈیسک) امریکی خاتون مورس ایشلے مقامی نوجوان کی محبت میں پاکستان پہنچ گئی قبول اسلام کے بعد دونوں کا نکاح ہو گیا۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق 36 سالہ امر (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد مانسہرہ چلاس موٹروے اور بابوسر سرنگ منصوبہ منظور، بڑا منصوبہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مانسہرہ سے چلاس تک موٹروے اور بابوسر ٹاپ پر پاکستان کی طویل ترین سرنگ بنائی جائے گی جس کی منظوری دے دی گئی ہے۔ وزیر مواصلات علیم خان نے پاکستان کے خوبصورت تفریحی مقام مانسہرہ سے کاغان اور چلاس تک 172 کلومیٹر موٹروے کی منظوری دے دی ہے، جو ملک میں سیاحت، روزگار اور معاشی ترقی کا ذریعہ بنے گی۔ وزیر مواصلات علیم خان کی زیر صدا (بقیہ نمبر 17)

امریکی سفارتکاری نہیں میزائلوں کی زبان سمجھتے ہیں، ابراہیم رضائی

پاسداران انقلاب نے امریکی تنصیبات پر میزائل اور ڈرون حملوں کا دعویٰ کیا ہے، خطے میں کشیدگی بڑھ گئی

دونوں ممالک کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی اور جوابی دعووں سے خطے کی صورتحال مزید سنگین ہو گئی ہے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی و خارجہ پالیسی کمیٹی کے ترجمان ابراہیم رضائی نے امریکی پارلیمنٹ کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ابراہیم رضائی کا (بقیہ نمبر 19)

کہا کہ امریکی سفارتکاری کو میزائلوں کی زبان سمجھتے ہیں۔ سماجی رابطے کہا کہ امریکی سفارتکاری نہیں، میزائلوں کی زبان

امریکہ کا بھارت، چین، جاپان، جنوبی کوریا پر اضافی ٹیرف عائد کرنے پر غور

امریکا نے بڑے تجارتی شراکت داروں پر اضافی درآمدی ٹیرف عائد کرنے پر غور شروع کر دیا ہے

بھارت، چین سمیت متعدد ممالک سے آنے والی مصنوعات پر 5.12 فیصد اضافی ڈیوٹی لگانے کی تجویز سامنے آئی ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا اپنے بڑے تجارتی شراکت داروں پر کم از کم 10 فیصد اضافی درآمدی ٹیرف عائد کرنے پر غور کر رہا ہے، یہ اقدام جبری مشقت کے طریقہ کار سے متعلق تحقیقات کے بعد سامنے آیا ہے۔ مغربی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت، چین، جاپان، جنوبی (بقیہ نمبر 32)

سرکاری اسپتالوں میں روزانہ آوارہ کتوں کے کاٹنے کے 150 سے زائد کیسز رپورٹ

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے سرکاری اسپتالوں میں روزانہ آوارہ کتوں کے کاٹنے کے 150 سے زائد کیسز رپورٹ ہونے کا ہولناک انکشاف سامنے آیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں آوارہ کتوں کی بھرمار اور شہریوں پر حملوں کے واقعات میں ہولناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے، جس کے باعث معصوم بچوں سمیت شہریوں کی زندگیاں شدید خطرے میں پڑ گئی۔ سرکاری اسپتالوں کے ذرائع سے سامنے (بقیہ نمبر 33)

پریمیم پرائز بانڈ قرعہ اندازی 10 جون ہوگی

انعامی رقم براہ راست اکاؤنٹ میں منتقل ہوگی، دعویٰ درکار نہیں

کراچی (نیوز ڈیسک): 40 ہزار روپے مالیت کے پریمیم پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی 10 جون کو ہوگی اس پر انعامی رقم کا دعویٰ کیسے کیا جائے گا۔ پاکستان میں جو لوگ سرمایہ کاری کرتے ہیں، ان میں بڑی تعداد ایسی ہے، جو اپنے سرمائے کو پرائز بانڈ کی صورت میں محفوظ کرتی ہے، جو اسٹیٹ بینک 100 روپے سے 40 ہزار روپے مالیت تک کے جاری کرتا ہے۔ سینٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز (CDNS) نے نیشنل پرائز بانڈ اسکیم کے متوازی رجسٹرڈ پرائز بانڈ اسکیم شروع کی جسے پریمیم پرائز بانڈز (رجسٹرڈ)" کہا جاتا ہے۔ یہ پریمیم پرائز بانڈز 40 اور 25 ہزار مالیت میں دستیاب ہیں۔ نیشنل پرائز بانڈز (بریئرز) کے برعکس، پریمیم پرائز بانڈ ایک رجسٹرڈ پرائز بانڈ ہے جو رجسٹرڈ سرمایہ کار کے نام پر جاری کیا جاتا ہے۔ سرمایہ کار کو چھ ماہ کی مدت کی تکمیل پر حکومت پاکستان کی طرف سے مطلع کردہ شرح پر سرمایہ کاری پر چھ ماہانہ منافع ملتا ہے یا تو جاری (بقیہ نمبر 34)

کراچی کے ایم سی ملازمین تین چھٹیاں مل گئیں

کراچی (نیوز ڈیسک) سرکاری ملازمین کے لیے خوشخبری ہے کہ انہیں رواں ہفتے کے اختتام پر ایک ساتھ تین چھٹیاں ملیں گی تعطیل کا اعلان ہو گیا ہے۔ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) نے حضرت عبداللہ شاہ غازی رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کی کے موقع پر 8 جو (بقیہ نمبر 29)

پی آئی اے نجکاری سے قبل سخت ترین انٹرنیشنل سیفٹی آڈٹ کا فیصلہ

کراچی (نیوز ڈیسک) نجی شعبہ کو حوالگی سے پہلے پی آئی اے کا انٹرنیشنل آپریشنل اینڈ سیفٹی آڈٹ ہوگا، یہ سخت ترین بین الاقوامی آڈٹ آئندہ ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق قومی ایئرلائن (پی آئی اے) کو نجی کنسورشیم کے حوالے کرنے سے قبل ایک بڑے امتحان کا سامنا (بقیہ نمبر 30)

موٹروے زیادتی کیس میں ملزمان کو سزائے موت حتمی قرار

لاہور (نیوز ڈیسک) پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فرہاد علی شاہ کا کہنا ہے کہ موٹروے زیادتی کیس میں سزائے موت کے بعد کوئی یہ نہیں کہے گا کہ خاتون رات کو کیوں آئی تھی۔ تفصیلات کے مطابق پراسیکیوٹر جنرل پنجاب فرہاد علی شاہ نے ایک اہم پریس کانفرنس کرتے (بقیہ نمبر 31)

حکومت و آئی ایم ایف کے درمیان ٹیکس وصولیوں پر اتفاق نہیں ہو سکا

وفاقی حکومت اور آئی ایم ایف کے درمیان اخراجات میں کمی اور ٹیکس بڑھانے پر مذاکرات جاری ہیں

صوبائی نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں میں کٹوتی پر سندھ اور خیبر پختونخوا نے شدید تحفظات ظاہر کیے ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں ٹیکس وصولیوں میں اضافے اور اخراجات میں کمی کے اہداف پر تا حال حتمی اتفاق نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ حکومتی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان ٹیکس وصولیوں میں اضا (بقیہ نمبر 35)

فخرِ کہروڑپکا ڈاکٹر مخدوم مہتاب حسین شاہ ہاشمی کی انساب پر عرق ریزی

قلمدارِ قبیلہ

حسن شہروز ہاشمی

خطۂ ملتان اور اس کے مضافات صدیوں سے علم و عرفان، تصوف، تاریخ اور لازوال تہذیب کا گہوارہ رہے ہیں۔ یہ وہ زرخیز دھرتی ہے جہاں کی مٹی سے محبت، علم اور تحقیق کی خوشبو آتی ہے۔ انہی تاریخی اور تمدنی خطوں میں ضلع لودھراں کا قدیم قصبہ کہروڑپکا اپنی ایک منفرد علمی، ادبی اور روایتی شناخت کی وجہ سے ہمیشہ نمایاں اور ممتاز رہا ہے۔ اس بستی نے ہر دور میں ایسے نابغۂ روزگار اہلِ قلم، مخلص محققین اور صاحبانِ دانش کو جنم دیا جنہوں نے نہ صرف اپنی فکری جولانیوں سے اس علاقے کا نام روشن کیا، بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے علم و شعور کے نئے در وا کیے۔ انہی جلیل القدر اور معتبر شخصیات میں ایک انتہائی درخشندہ نام ڈاکٹر مخدوم مہتاب حسین شاہ ہاشمی کا ہے، جو قطب الاقطاب، شیخ الاسلام حضرت بہاء الدین زکریا ملتانیؒ ہاشمی قریشی کے خانوادۂ علم و فضل کے چشم و چراغ اور اس عظیم روحانی و علمی وراثت کے سچے امین ہیں۔ ڈاکٹر مخدوم مہتاب حسین شاہ ہاشمی نے الٰہیات کے بحرِ بیکراں سے فیض اٹھاتے ہوئے قرآن و تفسیر میں پی ایچ ڈی کی اعلیٰ ترین ڈگری حاصل کر رکھی ہے اور وہ ایک طویل عرصے سے پیشۂ تدریس سے وابستہ ہو کر نئی نسل کی فکری و نظریاتی آبیاری کر رہے ہیں۔ ان کا تعلق جس جلیل القدر علمی و روحانی خانوادے سے ہے، وہ اٹھارہویں صدی عیسوی میں کروڑ لعل عیسن سے ہجرت کر کے کہروڑپکا میں سکونت پذیر ہوا تھا۔ اس عالی مرتبت خاندان کا طرۂ امتیاز ہی علم کی ترویج، حقیقی تحقیق اور بے لوث خدمتِ خلق رہا ہے، اور مخدوم مہتاب حسین شاہ اپنے اجداد کے اسی سنہرے نقشِ قدم پر گامزن ہیں۔ کہروڑپکا اور لودھراں کے ادبی افق پر سجنے والی کوئی بھی علمی، ثقافتی یا فکری تقریب ان کی پُرمغز اور صدارتی گفتگو کے بغیر ادھوری محسوس ہوتی ہے۔ ان کی گفتگو میں جہاں مطالعے کی وسعت، علم کی اتھاہ گہرائی اور تحقیق کی پختگی نظر آتی ہے، وہاں ان کے اندازِ بیان کی شائستگی، دھیما پن اور عاجزی سننے والوں کو دائرۂ مہر و محبت میں اسیر کر لیتی ہے۔ آج کل ڈاکٹر صاحب ایک انتہائی کٹھن مگر تاریخ ساز کام میں مصروف ہیں، اور وہ ہے اپنے خاندان کی تاریخ اور علمِ انساب (Genealogy) پر عرق ریزی۔ یہ وہ میدان ہے جہاں قدم قدم پر صبر، گہرے ادراک اور انتھک محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ شب و روز کی محنت سے قدیم ترین خاندانی دستاویزات، روایتی شواہد، تاریخی کتب اور مستند حوالوں کی مدد سے



ایک ایسا فیتی علمی سرمایہ اور شجرہ مرتب کر رہے ہیں جو نہ صرف ان کے اپنے خاندان بلکہ تاریخ کے طالب علموں اور محققین کے لیے ایک روشن مشعلِ راہ ثابت ہوگا۔ آج کے اس نفسا نفسی کے دور میں صلہ رحمی، خاندانی اتحاد، باہمی یگانگت کو فروغ دینے اور بکھرے ہوئے رشتوں کو ایک لڑی میں پرونے کے لیے ان کی یہ تحقیقی و سماجی کوششیں بلاشبہ قابلِ صد تحسین اور لائقِ تقلید ہیں۔ ایسی مخلص، بے غرض اور صاحبِ علم شخصیات کسی بھی معاشرے کا سب سے بڑا افتخار اور حقیقی اثاثہ ہوتی ہیں، اور ڈاکٹر مخدوم مہتاب حسین شاہ ہاشمی یقیناً کہروڑپکا کی ادبی، علمی اور سماجی شناخت کا ایک نہایت روشن اور معتبر حوالہ ہیں۔ یہ ہمارے لیے انتہائی مسرت، طمانیت اور فخر کا مقام ہے کہ ڈاکٹر صاحب جیسے جید اسکالر نے "روزنامہ ہاشمی" کی صحافتی، علمی اور سماجی خدمات کو دل کھول کر سراہا ہے اور اسے صحافتی افق پر ایک اہم سنگِ میل قرار دیا ہے۔ ان کے نزدیک ہمارا یہ ادارہ محض خبریں پہنچانے کا ذریعہ نہیں، بلکہ مختلف خاندانوں میں یگانگت پیدا کرنے، نسبی شعور کو بیدار کرنے اور اعلیٰ ادبی و سماجی اقدار کی آبیاری میں ایک مؤثر اور تعمیری کردار ادا کر رہا ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب ڈاکٹر مخدوم مہتاب حسین شاہ ہاشمی جیسے عظیم محقق اور پی ایچ ڈی اسکالر ہمارے کام کی یوں پزیرائی فرماتے ہیں، تو روزنامہ ہاشمی کا اپنے مشن پر یقین مزید پختہ اور عزم جوان ہو جاتا ہے۔ ہم ان کے اس حسنِ ظن اور محبت پر ان کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ رب العزت ان کے قلم، ان کی عمر، ان کے علم اور اس عظیم تحقیقی مشن میں مزید برکتیں اور وسعتیں عطا فرمائے۔

قلم کی حرمت اور صحافی کا تحفظ ※ آزادیِ صحافت: ایک روشن معاشرے کی بنیاد



تحریر: محمد ارشد ہاشمی

دنیا کی تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی کسی معاشرے نے ترقی، شعور اور انصاف کی منزلیں طے کیں تو اس سفر میں ایک آزاد اور ذمہ دار صحافت نے بنیادی کردار ادا کیا۔ صحافی دراصل معاشرے کی آنکھ، کان اور ضمیر ہوتے ہیں۔ وہ ان کہی حقیقتوں کو زبان دیتے ہیں، اندھیروں میں چھپے حقائق کو روشنی میں لاتے ہیں اور عوام اور حکمرانوں کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ آزادیِ صحافت صرف صحافیوں کا حق نہیں بلکہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے، کیونکہ جب صحافت آزاد ہوتی ہے تو عوام کو سچ جاننے کا موقع ملتا ہے، انصاف کے دروازے کھلتے ہیں اور معاشرے میں جوابدہی کا نظام مضبوط ہوتا ہے۔ افسوس کہ دنیا کے مختلف خطوں میں آج بھی صحافی دباؤ، دھمکیوں، ہراسانی، تشدد اور مختلف قسم کی پابندیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ بعض اوقات سچ بولنے اور حقائق کو منظرِ عام پر لانے کی قیمت انہیں اپنی جان کی صورت میں ادا کرنا پڑتی ہے۔ ایک صحافی جب قلم اٹھاتا ہے تو وہ صرف الفاظ نہیں لکھتا بلکہ عوام کے حقِ معلومات کی حفاظت کرتا ہے۔ وہ ان مسائل کی نشاندہی کرتا ہے جنہیں بعض طاقتور حلقے پوشیدہ رکھنا چاہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تاریخ میں ہر دور کے جابر اور آمر سب سے پہلے آزاد صحافت پر قدغن لگانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ قلم بظاہر ایک معمولی سی چیز محسوس ہوتا ہے مگر اس کی طاقت تلوار سے کہیں زیادہ دیرپا اور مؤثر ہوتی ہے۔ ایک سچا صحافی اپنے قلم سے معاشرے کے ضمیر کو جگاتا ہے، ناانصافی کے خلاف آواز بلند کرتا ہے اور مظلوموں کی امید بن جاتا ہے۔ اگر صحافیوں کو تحفظ حاصل نہ ہو تو سچائی خوف کی زنجیروں میں جکڑ جاتی ہے اور جب سچائی خاموش ہو جائے تو معاشرے اندھیروں میں بھٹکنے لگتے ہیں۔ اسی لیے صحافیوں کا تحفظ دراصل سچائی، انصاف اور جمہوریت کا تحفظ ہے۔ ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی پہچان یہ ہے کہ وہاں اختلافِ رائے کا احترام کیا جائے، تنقید کو برداشت کیا جائے اور صحافیوں کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں خوف و خطر کے بغیر انجام دینے کی آزادی حاصل ہو۔ حکومتوں، اداروں اور عوام سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ صحافیوں کی جان، عزت اور پیشہ ورانہ آزادی کو یقینی بنائیں، کیونکہ جو قوم اپنے صحافیوں کو تحفظ فراہم کرتی ہے وہ درحقیقت اپنے شعور، اپنی جمہوریت اور اپنے مستقبل کو محفوظ بناتی ہے۔ آج عالمی یومِ آزادیِ صحافت ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ سچائی کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا۔ صحافت کا اصل مقصد عوام کی خدمت، حقائق کی فراہمی اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانا ہے۔ آیئے عہد کریں کہ ہم آزادیِ صحافت کے اصولوں کا احترام کریں گے، صحافیوں کے تحفظ کے لیے آواز بلند کریں گے اور حق گوئی و دیانت داری کے اس عظیم مشن میں ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے، کیونکہ ایک آزاد قلم ہی ایک آزاد قوم کی ضمانت ہوتا ہے اور جہاں قلم آزاد ہو وہاں شعور کے چراغ ہمیشہ روشن رہتے ہیں۔ صحافی محفوظ ہوں گے تو سچ زندہ رہے گا، اور سچ زندہ رہے گا تو قوم کا مستقبل روشن رہے گا۔

(ماضی کے اوراق) اداکارہ روحی بانو سے ایک ادھورا انٹرویو

سچائی میں خدائی

شبیر حسین ناز

nazshabbir91@gmail.com

روحی بانو پاکستان ٹیلی ویژن کی ایک عظیم اور خوبرو اداکارہ تھیں پی ٹی وی کے ڈراموں میں کام کر کے انہیں خوب شہرت ملی جب وہ اپنی شہرت کی بلندیوں پر تھیں تو اچانک انہوں نے پی ٹی وی ڈراموں میں کام کرنا چھوڑ دیا اور پردہ سکرین سے غائب ہو گئیں یہ وہ زمانہ تھا جب پی ٹی وی عروج پر تھا پی ٹی وی ڈراموں میں کام کرنے کے لئے ہر فنکار کو بڑے پاپڑ بیلنے پڑتے تھے پی ٹی وی ہی لوگوں کی تفریح کا سب سے بڑا ذریعہ تھا پرائیویٹ چینلز کا کہیں وجود نہیں تھا میں روزنامہ امروز جو لاہور اور ملتان سے شائع ہوتا تھا اس میں باقاعدگی سے لکھا کرتا تھا روزنامہ امروز میں ہر ہفتے ایک رنگین ایڈیشن شائع ہوتا تھا جس میں فلم ٹی وی اور ریڈیو پاکستان کے حوالے سے خصوصی تجزیے اور مضامین شامل کیے جاتے تھے میں چاہتا تھا کہ اس ہفتے اداکارہ روحی بانو سے ملاقات کر کے اس سے خصوصی انٹرویو لیا جائے روحی بانو سے میری پہلے بھی چند ملاقاتیں ہو چکی تھیں ایک بار وہ فیصل آباد آرٹس کونسل کی تقریب میں بھی آئی تھیں جس میں میری ان سے پہلی ملاقات ہوئی تھی اس کے بعد میں جب بھی لاہور اتا روحی بانو کی خیریت ضرور دریافت کرتا ٹیلی فون پر میرا اس سے رابطہ رہتا جب روحی بانو نے پی ٹی وی سے دوری اختیار کر لی تو میرا اس سے ملنے کا تجسس اور بڑھ گیا میں اس کا کھوج لگانا چاہتا تھا کہ اس نے ہی ٹی وی کو کیوں چھوڑا ہے میں نے روحی بانو کے فون نمبر پر رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن یہ نمبر بند ہو گیا تھا میں ہر حال میں ان سے ملاقات کرنا چاہتا تھا لہذا میں نے موٹر سائیکل نکالی اور اخبار کے پروفیشنل فوٹو گرافر کو لے کر ان کے گھر میں پہنچ گیا بل کا بٹن دبانے کے بعد ایک سانولے رنگ کی نوجوان لڑکی باہر آئی جس کو میں نے اپنا وزیٹنگ کارڈ تھما دیا اور روحی بانو سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا چند لمحوں کے بعد اس نے ہمیں اندر ڈرائینگ روم میں بٹھا دیا روحی بانو بھی وہاں آ گئی ہماری اس نے ٹھنڈے مشروبات سے تواضع کی میں نے اپنے آنے کا مدعا بیان کیا تو وہ کہنے لگی کہ شوبز کی زندگی بڑی عجیب و غریب و تلخ ہوتی ہے میں نے اس میں کام کر کے عزت و شہرت تو بہت حاصل کر لی ہے لیکن اس کے باوجود میں اندر سے کھوکھلے پن کا شکار ہوں اس نے کہا کہ کبھی کسی نے یہ بھی سوچا ہے کہ دوسروں کو خوشیاں دینے والے خود اندر سے کتنے غمگین ہوتے ہیں یہ فقرے ادا کرنے کے بعد وہ ڈرائنگ روم سے اٹھ کر اپنے گھر کے اندر چلی گئیں تقریباً پندرہ منٹ کے بعد وہ دوبارا ڈرائینگ روم میں آ کر مجھے کہنے لگیں کہ میں نے شام کو ایک پرسنل فنکشن میں جانا ہے میں نے ابھی بیوٹی پارلر جانا ہے آپ میرے ساتھ گاڑی میں بیٹھ جائیں بیوٹی پارلر سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے جو بھی سوال کرنے ہوں مجھ سے کر سکتے ہیں وہ یہ کہہ کر کھلکھلا کر ہنس پڑی میں نے وہاں ہی اپنی بائیک چھوڑی اور فوٹو گرافر کے ہمراہ اس کی کار کی پچھلی نشست پر بیٹھ گیا لاہور کے ایک ماڈرن ایریا میں بیوٹی پارلر تھا میں نے دوران سفر کچھ سوالات کرنے کی کوشش کی لیکن وہ ہر سوال کا جواب مسکرا کر ٹال دیتی بیوٹی پارلر پہنچ کر اس نے ہمیں پارلر کے ایک دوسرے کمرے میں بٹھا دیا ایک گھنٹہ بعد وہ پارٹی میک اپ سے فارغ ہونے کے بعد ہمارے پاس آئی اور کہنے لگی کہ میرا انٹرویو دینے کا موڈ نہیں ہے میں نے کہا کہ آپ ہمیں پہلے ہی بتا دیتیں ہمارا اتنا وقت ضائع کرنے کی کیا ضرورت تھی وہ مسکرا کر کہنے لگی کہ میں نہیں چاہتی تھی کہ آپ کی دلآزاری کروں روحی بانو سے مزید بحث کا کوئی فائدہ نہیں تھا ہم نے روحی بانو کا انٹرویو ادھورا چھوڑ کر اپنے دفتر کی راہ لی ابھی ہم دفتر میں پہنچے ہی تھے کہ روحی بانو کی بہن کا فون آ گیا اس نے روحی بانو کے رویے کی بری ہے۔ اس لیے، وہ ایک آواز ہو کر کہہ رہے ہیں کہ 9 جون کی ہڑتال منسوخ ہونی چاہیے، جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کو اپنا انداز بدلنا چاہیے اور حکومت کو آنے والی نسلوں کے لیے آزاد جموں و کشمیر کے پرامن اور خوشحال مستقبل کے تحفظ کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ آزاد جموں و کشمیر برصغیر کی تقسیم اور 1949ء کی لائن آف کنٹرول کے بعد قائم ہونے والا ایک نیم خود مختار علاقہ ہے نہ کہ پنجاب یا سندھ کی طرح کوئی صوبہ۔ اگرچہ اس کا اپنا صدر، وزیر اعظم، قانون ساز اسمبلی اور سپریم کورٹ موجود ہے، لیکن یہ دفاع، خارجہ پالیسی، کرنسی اور مالیاتی مدد کے لیے اب بھی مکمل طور پر پاکستان پر انحصار کرتا ہے۔ بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر، جو کہ دنیا کے سب سے زیادہ فوجی تعیناتی والے اور غیر مستحکم ترین خطوں میں سے ایک ہے، کے ساتھ حساس سرحد کی وجہ سے پاکستان آزاد کشمیر کو ایک تزویراتی اثاثہ اور اخلاقی ذمہ داری دونوں طرح سے دیکھتا ہے، اور معاشی بحران، مہنگائی، قرضوں اور بین الاقوامی مالیاتی دباؤ کے ادوار میں بھی گرانٹس، سبسڈیز، بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں اور ترقیاتی پیکجوں کی مد میں اربوں روپے فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس حمایت کے باوجود جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی نو جون کی ہڑتال کی کال نے عوامی رائے کو شدید طور پر تقسیم کر دیا ہے۔ حامی اسے تاخیر کا شکار ترقیاتی منصوبوں، شفافیت کی کمی، مہنگائی اور صحت کی ناقص سہولیات کو اجاگر کرنے کی ایک جمہوری اور پرامن کوشش سمجھتے ہیں، جبکہ تاجروں، دکانداروں، ٹرانسپورٹرز، اساتذہ، ڈاکٹروں، طلبہ اور دیہاڑی دار مزدوروں سمیت ایک بہت بڑا طبقہ یہ مانتا ہے کہ ہڑتالیں بازار، اسکول، یونیورسٹیاں، ٹرانسپورٹ اور سرکاری دفاتر بند کر کے صرف عام لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کرتی ہیں۔ نقاد اس بات کی نشان دہی کرتے ہیں کہ مزدور اپنی اجرت سے محروم ہو جاتے ہیں، کاروبار کو مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، طلبہ کو تعلیمی خلل اور ذہنی تناؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور مریضوں کے علاج میں تاخیر ہوتی ہے جس سے ان کی صحت مزید بگڑ جاتی ہے۔ بہت سے لوگ اس کے وقت پر بھی سوال اٹھا رہے ہیں کیونکہ پاکستان خود مہنگائی، ایندھن اور بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور آئی ایم ایف سے وابستہ ٹیکس اقدامات سے نبرد آزما ہے، جبکہ وہ اب بھی سالانہ ترقیاتی پروگرام اور کشمیر اکنامک پیکج جیسے پروگراموں کے ذریعے آزاد کشمیر کو رعایتی آٹا، ایندھن، بجلی اور ترقیاتی فنڈز فراہم کر رہا ہے۔ چونکہ اطلاعات کے مطابق آزاد کشمیر کو زیادہ تر صوبوں کے مقابلے میں فی کس زیادہ وفاقی فنڈز منتقل کیے جاتے ہیں، اس لیے مظفر آباد، میرپور، کوٹلی، باغ اور راولپنڈی کے بہت سے شہری اور تجربہ کار اس ہڑتال کو خلل انگیز، آزاد کشمیر کے تشخص کے لیے نقصان دہ اور ممکنہ طور پر مستقبل کی وفاقی حمایت کے لیے نقصان دہ سمجھتے ہیں۔ نقاد مزید یہ دلیل دیتے ہیں کہ سیاسی اور معاشی مسائل پر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی بار بار کی ہڑتالوں، احتجاجوں، دھرنوں اور سڑکوں کی ناکہ بندیوں نے بنیادی مسائل کو حل کرنے میں ناکامی کا سامنا کیا ہے اور اس کے بجائے عام شہریوں کو معاشی نقصانات برداشت کرنے پر مجبور کیا ہے جبکہ کمیٹی کی قیادت کامیابی کا دعویٰ کرتی ہے اور اپنی آمدنی، سیکیورٹی اور وسائل کے ساتھ آرام دہ زندگیوں کی طرف لوٹ جاتی ہے۔ عوام میں بڑھتی ہوئی مایوسی نے آزاد کشمیر کے بہت سے لوگوں کو ہڑتال کے کلچر کو مسترد کرنے اور بار بار کی بند شوں اور سڑکوں کی سیاست کے بجائے بات چیت، پرامن شمولیت اور طویل مدتی استحکام کا مطالبہ کرنے پر مجبور کیا ہے۔ اب حقیقی احتجاج، جیسے پرامن مظاہرے اور قانونی چارہ جوئی جو عوام کو نقصان پہنچانے سے گریز کرتی ہے اور دباؤ ڈالنے والے ہتھکنڈوں کے درمیان فرق واضح کیا جا رہا ہے جو حکومتی کارروائی پر مجبور کرنے کے لیے سڑکوں کی ناکہ بندی، ٹرانسپورٹ کی بندش اور بازاروں کی تالا بندی کے ذریعے جان بوجھ کر مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ بہت سے لوگوں کو یہ خوف ہے کہ یہ چکر مزید عدم استحکام کو فروغ دیتا ہے کیونکہ حکومتیں مطالبات کے جائز ہونے کے بجائے محض معمول کی زندگی بحال کرنے کے لیے انہیں قبول کر سکتی ہیں۔ آزاد کشمیر کے نوجوانوں، خاص طور پر کالج اور یونیورسٹی کے طلبہ پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں بھی شدید تحفظات پیدا ہو رہے ہیں جنہیں ریلیاں، پمفلٹس، سوشل میڈیا مہمات اور جذباتی تقریروں کے ذریعے متحرک کیا جاتا ہے۔ نقادوں کا ماننا ہے کہ کمیٹی ہر مسئلے کو ظلم یا سازش کے طور پر پیش کر کے ریاست، حکومت، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور خود پاکستان کے خلاف دشمنی کو فروغ دیتی ہے، جس سے نوجوان غصے، مایوسی اور مظلومیت کے احساس سے بھر جاتے ہیں جسے سیاسی مقاصد کے لیے آسانی سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ نوجوان مظاہرین کو اکثر فرنٹ لائن پر رکھا جاتا ہے جہاں انہیں زخمی ہونے، گرفتاری یا موت کا خطرہ ہوتا ہے اور پھر ایسے واقعات کو مزید غصہ بھڑکانے اور اضافی حامیوں کو بھرتی کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ بہت سے لوگوں کو یہ خوف ہے کہ تصادم کا یہ کلچر آزاد کشمیر کے روایتی طور پر پرامن، معتدل اور پڑھے لکھے معاشرے کے لیے خطرہ ہے، جس نے معزز پیشہ ور افراد اور مضبوط تعلیمی ادارے پیدا کیے ہیں۔ وہ خبردار کرتے ہیں کہ اگر نوجوان تعلیم، مہارتوں اور کیریئر کے بجائے تعلیمی نقصان پہنچانے والے احتجاج پر توجہ مرکوز کرتے رہے تو وہ معاشرے کے مفید رکن بننے کے بجائے عدم استحکام کا آلہ کار بن سکتے ہیں۔ نقاد یہ دلیل بھی دیتے ہیں کہ جاری بدامنی سے پاکستان کے دشمنوں، خاص طور پر بھارت کو فائدہ پہنچتا ہے، جس کے بارے میں ان کا ماننا ہے کہ وہ آزاد کشمیر میں ہڑتالوں اور احتجاجوں کو اس خطے کو غیر مستحکم اور پاکستانی انتظامیہ سے غیر مطمئن ظاہر کرنے کے لیے پروپیگنڈے کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ ان تمام خدشات کے پیشِ نظر، یہ کوئی حیران کن بات نہیں ہے کہ خود آزاد کشمیر کے عوام کی طرف سے 9 جون کی ہڑتال واپس لینے کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ یہ مطالبہ حکومت یا کسی سیاسی جماعت کی طرف سے نہیں بلکہ عام شہریوں، سول سوسائٹی کی تنظیموں، ٹریڈ یونینز، تاجروں کی انجمنوں اور یہاں تک کہ بہت سے مذہبی رہنماؤں کی طرف سے آ رہا ہے۔ انہوں نے ہڑتال کی مخالفت کے اظہار کے لیے چھوٹے اجتماعات منعقد کیے ہیں، اخبارات کو خطوط لکھے ہیں، سوشل میڈیا پر پیغامات پوسٹ کیے ہیں اور مقامی ریڈیو اسٹیشنوں کا استعمال کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ ہڑتالوں اور شٹ ڈاؤنز سے تنگ آ چکے ہیں اور وہ امن، معمولاتِ زندگی اور بغیر کسی خلل کے خوف کے اپنی روزمرہ کی زندگی گزارنے کی آزادی چاہتے ہیں۔ ان کا استدلال ہے کہ اگر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کو کوئی حقیقی شکایات ہیں تو انہیں وہ شکایات حکومت کو تحریری طور پر پیش کرنی چاہئیں اور سنجیدہ مذاکرات کرنے چاہئیں۔ اگر حکومت جواب نہیں دیتی تو انہیں قانونی کارروائی کرنی چاہیے یا اپنے مسائل اٹھانے کے لیے پارلیمانی فورمز کا استعمال کرنا چاہیے، لیکن انہیں اپنے سیاسی ایجنڈے کے لیے پوری آبادی کو تکلیف میں مبتلا کرنے پر مجبور نہیں کرنا چاہیے۔ یہ پیغام روز بروز زیادہ سے زیادہ لوگوں کے دلوں میں اتر رہا ہے، اور اس بات کا قوی امکان ہے کہ اگر کمیٹی 9 جون کو ہڑتال پر اصرار کرتی ہے تو اسے عوام کی جانب سے بڑے پیمانے پر مزاحمت اور عدم تعاون کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آزاد کشمیر کے عوام نے برسوں سے بڑے صبر اور لچک کا مظاہرہ کیا ہے لیکن اس صبر کی بھی حدود ہوتی ہیں اور وہ حدود اب ختم ہو چکی ہیں۔ آزاد کشمیر کے عوام حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ نفرت، تقسیم اور پرتشدد احتجاج کی بڑھتی ہوئی ثقافت کو روکنے کے لیے ٹھوس اور واضح اقدامات کرے جسے جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی جیسے گروپ فروغ دے رہے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ حکومت تشدد پر اکسانے، سڑکیں بلاک کرنے، عوامی املاک کو نقصان پہنچانے یا معمول کی زندگی کو درہم برہم کرنے والے کسی بھی شخص کے خلاف قانون کا سختی سے نفاذ کرے۔ وہ چاہتے ہیں کہ حکومت تعلیمی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرے تاکہ طلبہ کو احتجاج کے پرامن اور قانونی طریقوں کے بارے میں سکھایا جا سکے اور نوجوانوں کو سیاسی گروپوں کے ہاتھوں استحصال سے بچایا جا سکے۔ وہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ حکومت طرزِ حکمرانی، شفافیت اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنائے تاکہ دباؤ ڈالنے والے گروپوں کی طرف سے استعمال کیے جانے سے پہلے ہی حقیقی شکایات کا ازالہ کیا جا سکے۔ اگر حکومت اچھی گورننس فراہم کرے اور لوگوں کی بات سنے تو جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی جیسے گروپوں کے پاس ہڑتالوں کی کال دینے کا کوئی بہانہ نہیں رہے گا۔ لیکن اگر گورننس مثالی نہ بھی ہو، تب بھی آزاد کشمیر کے عوام نے واضح کر دیا ہے کہ وہ ہڑتالوں پر مذاکرات اور افراتفری پر امن کو ترجیح دیتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے لیے کیا اچھا ہے اور کیا برا اور انہوں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ہڑتال کی یہ ثقافت

آزاد کشمیر میں عوامی ایکشن کمیٹی کی 9 جون کی ہڑتال (عبدالباسط علوی)

میڈیا آئی



عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

آزاد جموں و کشمیر برصغیر کی تقسیم اور 1949ء کی لائن آف کنٹرول کے بعد قائم ہونے والا ایک نیم خود مختار علاقہ ہے نہ کہ پنجاب یا سندھ کی طرح کوئی صوبہ۔ اگرچہ اس کا اپنا صدر، وزیر اعظم، قانون ساز اسمبلی اور سپریم کورٹ موجود ہے، لیکن یہ دفاع، خارجہ پالیسی، کرنسی اور مالیاتی مدد کے لیے اب بھی مکمل طور پر پاکستان پر انحصار کرتا ہے۔ بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر، جو کہ دنیا کے سب سے زیادہ فوجی تعیناتی والے اور غیر مستحکم ترین خطوں میں سے ایک ہے، کے ساتھ حساس سرحد کی وجہ سے پاکستان آزاد کشمیر کو ایک تزویراتی اثاثہ اور اخلاقی ذمہ داری دونوں طرح سے دیکھتا ہے، اور معاشی بحران، مہنگائی، قرضوں اور بین الاقوامی مالیاتی دباؤ کے ادوار میں بھی گرانٹس، سبسڈیز، بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں اور ترقیاتی پیکجوں کی مد میں اربوں روپے فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس حمایت کے باوجود جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی نو جون کی ہڑتال کی کال نے عوامی رائے کو شدید طور پر تقسیم کر دیا ہے۔ حامی اسے تاخیر کا شکار ترقیاتی منصوبوں، شفافیت کی کمی، مہنگائی اور صحت کی ناقص سہولیات کو اجاگر کرنے کی ایک جمہوری اور پرامن کوشش سمجھتے ہیں، جبکہ تاجروں، دکانداروں، ٹرانسپورٹرز، اساتذہ، ڈاکٹروں، طلبہ اور دیہاڑی دار مزدوروں سمیت ایک بہت بڑا طبقہ یہ مانتا ہے کہ ہڑتالیں بازار، اسکول، یونیورسٹیاں، ٹرانسپورٹ اور سرکاری دفاتر بند کر کے صرف عام لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کرتی ہیں۔ نقاد اس بات کی نشان دہی کرتے ہیں کہ مزدور اپنی اجرت سے محروم ہو جاتے ہیں، کاروبار کو مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، طلبہ کو تعلیمی خلل اور ذہنی تناؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور مریضوں کے علاج میں تاخیر ہوتی ہے جس سے ان کی صحت مزید بگڑ جاتی ہے۔ بہت سے لوگ اس کے وقت پر بھی سوال اٹھا رہے ہیں کیونکہ پاکستان خود مہنگائی، ایندھن اور بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور آئی ایم ایف سے وابستہ ٹیکس اقدامات سے نبرد آزما ہے، جبکہ وہ اب بھی سالانہ ترقیاتی پروگرام اور کشمیر اکنامک پیکج جیسے پروگراموں کے ذریعے آزاد کشمیر کو رعایتی آٹا، ایندھن، بجلی اور ترقیاتی فنڈز فراہم کر رہا ہے۔ چونکہ اطلاعات کے مطابق آزاد کشمیر کو زیادہ تر صوبوں کے مقابلے میں فی کس زیادہ وفاقی فنڈز منتقل کیے جاتے ہیں، اس لیے مظفر آباد، میرپور، کوٹلی، باغ اور راولپنڈی کے بہت سے شہری اور تجربہ کار اس ہڑتال کو خلل انگیز، آزاد کشمیر کے تشخص کے لیے نقصان دہ اور ممکنہ طور پر مستقبل کی وفاقی حمایت کے لیے نقصان دہ سمجھتے ہیں۔ نقاد مزید یہ دلیل دیتے ہیں کہ سیاسی اور معاشی مسائل پر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی بار بار کی ہڑتالوں، احتجاجوں، دھرنوں اور سڑکوں کی ناکہ بندیوں نے بنیادی مسائل کو حل کرنے میں ناکامی کا سامنا کیا

سگریٹ نوشی: ایک جان لیوا شغل

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل

03041648400

انسانی تاریخ میں بعض عادات ایسی رہی ہیں جو ابتدا میں تفریح، فیشن یا وقتی تسکین کے طور پر اختیار کی گئیں لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ان کے تباہ کن اثرات پوری انسانیت کے لیے ایک سنگین مسئلہ بن گئے۔ سگریٹ نوشی بھی انہی مہلک عادات میں سے ایک ہے۔ آج دنیا بھر کے طبی ماہرین، عالمی ادارۂ صحت، سماجی کارکنان اور حکومتیں اس بات پر متفق ہیں کہ سگریٹ نوشی نہ صرف ایک بری عادت بلکہ ایک خاموش قاتل ہے جو ہر سال لاکھوں انسانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیتا ہے۔ افسوس ناک امر یہ ہے کہ جدید سائنسی تحقیقات اور آگاہی مہمات کے باوجود سگریٹ نوشی کا رجحان اب بھی ختم نہیں ہو سکا، بلکہ بعض معاشروں میں نوجوان نسل تیزی سے اس لت کا شکار ہو رہی ہے۔ سگریٹ نوشی کا مسئلہ صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات پورے خاندان، معاشرے اور قومی معیشت تک پھیل جاتے ہیں۔ ایک سگریٹ کے کش کے ساتھ انسان اپنے جسم میں ہزاروں کیمیائی مادے داخل کرتا ہے جن میں درجنوں ایسے عناصر شامل ہیں جو سرطان، دل کے امراض، پھیپھڑوں کی خرابی اور دیگر مہلک بیماریوں کا سبب بنتے ہیں۔ عالمی ادارۂ صحت کے مطابق تمباکو نوشی ہر سال دنیا بھر میں لاکھوں اموات کا سبب بنتی ہے اور یہ اموات ایسی ہیں جن سے بروقت احتیاط اور شعور کے ذریعے بچا جا سکتا ہے۔ سگریٹ نوشی کے نقصانات کا سب سے زیادہ اثر انسانی نظامِ تنفس پر پڑتا ہے۔ پھیپھڑے انسان کے جسم کا نہایت اہم عضو ہیں جو خون کو آکسیجن فراہم کرتے ہیں، لیکن سگریٹ کا دھواں پھیپھڑوں کی نازک ساخت کو متاثر کرتا ہے۔ مسلسل تمباکو نوشی سے پھیپھڑوں کی کارکردگی کمزور ہو جاتی ہے، سانس پھولنے لگتی ہے اور انسان دائمی کھانسی کا مریض بن جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پھیپھڑوں کے سرطان کے زیادہ تر مریض سگریٹ نوشی کی تاریخ رکھتے ہیں۔ طبی ماہرین اس بات پ

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

ام باجر سویرا میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ پر پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے درمیان مشاورت جاری ہے اور دونوں جماعتوں میں کوئی ڈیڈ لاک نہیں ہے۔ پیپلز پارٹی کی رہنما نے بتایا کہ آئی ایم ایف کی کچھ نئی شرائط سامنے آئی ہیں جس پر تفصیلی مشاورت اور بجٹ فریم ورک بنانے پر کام ہو رہا ہے۔ شرمیلا فاروقی نے رانا ثناء اللہ کے حالیہ بیانات پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ رانا ثناء اللہ کو حقائق پر بات کرنی چاہیے، ایسے بیانات سے عوام گمراہ ہوتی ہے۔ انہوں نے رانا ثناء اللہ کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ وہ کراچی کے بلدیاتی نظام پر بات کر رہے ہیں جبکہ پنجاب میں تو بلدیاتی نظام سرے سے موجود ہی نہیں، ن لیگ جیسا بلدیاتی نظام چاہتی ہے پہلے اسے اپنے صوبے میں نافذ کر کے دکھائے۔ پی پی رہنما نے طنزاً کہا کہ اگر پنجاب میں بلدیاتی الیکشن نہیں ہو پا رہے تو پھر لاہور کو بھی الگ صوبہ بنا دیں۔ ایف بی آر کی کارکردگی اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پر بات کرتے ہوئے پی پی رہنما نے کہا کہ بی آئی ایس پی کو عالمی سطح پر سراہا گیا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر بی آئی ایس پی صوبوں کو دے دیا گیا تو گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کا کیا بنے گا؟ شرمیلا فاروقی نے وفاق پر تنقید کرتے ہوئے مزید کہا کہ اگر ایف بی آر اپنا ٹیکس ٹارگٹ پورا نہیں کر پا رہا تو اس کا خمیازہ صوبے کیوں بھگتیں؟

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

کر آگے فروخت کرنے والے شاطر ملزم بابر ملک کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے تفتیش کے دوران ملزم کے قبضے سے ساتوں کی ساتوں گاڑیاں بحفاظت برآمد کر لی ہیں۔ ترجمان پولیس نے بتایا ملزم نے چند روز قبل ایک شہری سے رینٹ پر گاڑیاں حاصل کیں اور دھوکہ دہی کے ذریعے انہیں پنجاب کے دیگر اضلاع میں لے جا کر فروخت کر دیا۔ شہری کی درخواست پر کلرسیداں پولیس نے فوری طور پر مقدمہ درج کر کے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے تحقیقات کا آغاز کیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ملزم نے یہ کاریں بھکر، خوشاب، بھلوال، حافظ آباد، واہ کینٹ اور راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں فروخت کی تھیں۔ پولیس ٹیموں نے مختلف اضلاع میں چھاپے مار کر تمام گاڑیاں برآمد کر لیں۔ ایس پی صدر کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال سے کھیلنے والے نوسر بازوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

کو ختم کیا جائے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ غریب آدمی کو انہوں نے مار دیا ہے، پاکستان کا اندرونی اور بیرونی قرضہ تیزی سے بڑھتا جا رہا ہے، ملک میں زراعت کا شعبہ تباہ ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایسا مافیا ہے جو ساری پارٹیوں میں موجود ہے، یہی مافیا چینی کا بحران پیدا کر کے فائدہ اٹھاتا ہے، پیسٹی پیسٹ کے نام پر لوٹا جا رہا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ بجٹ میں عام آدمی کو ریلیف دیا جائے، صحت تعلیم سکڑ، روزگار نہیں دیتے مگر لیپ ٹاپ بانٹ دیں گے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ یہ عوام کو تعلیم دینے کے بجائے لائسنس لگا کر عوام کو بھکاری بنانے کی بات کریں گے، ایک لاکھ 25 ہزار ماہانہ کمانے والے کو ٹیکس چھوٹ دی جائے، بجٹ میں جاگیرداروں پر ٹیکس لگا کر چھوٹے کاشت کاروں کو ریلیف دیا جائے۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' (ٹویٹر) کے مالک اور ٹیسلا کے سربراہ ایلون مسک نے لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے 2020 کے بدنام زمانہ سیالکوٹ-لاہور موٹروے گینگ ریپ کیس کے مجرمان کی سزائے موت برقرار رکھنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان کی کھل کر تعریف کی ہے۔ برطانوی سیاست دان روپرٹ لونے لاہور ہائیکورٹ کے اس فیصلے کے حوالے سے 'ایکس' پر ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے اسے "پاکستان سے آنے والی ایک اچھی خبر" قرار دیا۔ دنیا کے امیر ترین شخص ایلون مسک نے اس پوسٹ پر اپنا تبصرہ کرتے ہوئے لکھا: "براوو پاکستان! مغرب (مغربی ممالک) میں ہمیں بھی بالکل یہی کرنا چاہیے"۔ ایلون مسک کا یہ عالمی ردِعمل پاکستان کے سب سے ہائی پروفائل مجرمانہ کیسز میں سے ایک میں آنے والے بڑے فیصلے کے بعد سامنے آیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ، جس میں جسٹس سید شہباز علی رضوی اور جسٹس طارق محمود باجوہ شامل تھے، نے مرکزی مجرمان عابد علی عرف ملہی اور شفقت علی عرف بگا کی اپیلیں خارج کرتے ہوئے انسدادِ دہشت گردی عدالت (ATC) کی جانب سے دی گئی سزائے موت کو برقرار رکھا تھا۔ مجرمان نے 2021 میں اپنی سزا کے خلاف اپیل دائر کی تھی اور موقف اپنایا تھا کہ استغاثہ کے کیس میں خامیاں ہیں، تاہم سرکاری پراسیکیوٹر نے عدالت میں ناقابلِ تردید شواہد پیش کیے جس پر عدالت نے اپیلیں مسترد کر دیں۔ یاد رہے کہ ستمبر 2020 میں رات گئے پیٹرول ختم ہونے پر موٹروے پر کھڑی گاڑی میں خاتون کو بچوں کے سامنے درندگی کا نشانہ بنایا گیا تھا، جس پر ملک گیر احتجاج اور شدید غم و غصہ دیکھنے میں آیا تھا۔ اب ایلون مسک کے اس بیان نے اس فیصلے کو عالمی سطح پر سرخیوں میں لا کھڑا کیا ہے۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

از بگٹی کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے میں تعلیمی ترقی، شرح خواندگی میں اضافے، صحت اور امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے انقلابی اور جامع پالیسی اصلاحات کی منظوری دے دی گئی ہے۔ اجلاس میں آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ان تینوں اہم شعبوں کی بہتری کے لیے خصوصی اصلاحاتی ایجنڈے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے صوبے میں 'ٹاٹ کلچر' کے فوری اور مکمل خاتمے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ "دنیا بدل چکی ہے، یہ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ بلوچستان میں اب بھی بچہ ٹاٹ پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرتا ہے۔ اب کوئی بچہ ٹاٹ پر نہیں بیٹھے گا بلکہ ہر فعال سرکاری اسکول میں ڈیسک فراہم کیے جائیں گے تاکہ بچے عزت کے ساتھ ڈیسک پر بیٹھ کر پڑھیں۔" انہوں نے سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ وہ ہیلی کاپٹر کے ذریعے کسی بھی پہاڑی علاقے یا چٹیل میدان میں اچانک اتر کر اسکولوں کا معائنہ کریں گے، اگر مقررہ مدت کے بعد کوئی بچہ ٹاٹ پر بیٹھا نظر آیا تو متعلقہ حکام کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ مجوزہ تعلیمی پالیسی کے تحت صوبے میں شرح خواندگی بڑھانے کے لیے پرائمری سطح پر اسکول یونیفارم کی شرط کو مکمل طور پر ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ غریب بچے بھی تعلیم حاصل کر سکیں۔ اس کے علاوہ پرائمری اسکولوں کو 'جینڈر فری' ڈکلیئر کرنے کی تجویز ہے، جس کے تحت اب چھوٹے بچے اور بچیاں بنیادی تعلیم ایک ہی اسکول میں حاصل کر سکیں گے۔ اس مجوزہ پالیسی کو حتمی منظوری کے لیے صوبائی کابینہ کے آئندہ اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ اجلاس میں مزید فیصلے کیے گئے کہ صوبے کے 900 اسکولوں میں ڈبل شفٹ تدریسی عمل شروع کیا جائے گا اور تمام سرکاری اسکولوں میں منظور شدہ یکساں ریڈنگ اینڈ رائٹنگ میٹریل متعارف کرایا جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی، نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ کے اساتذہ کی گزشتہ کئی سالوں سے منجمد فکسڈ تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

عات کی شدید قلت کے باعث پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں اور بعض اضلاع میں پٹرول 500 روپے فی لیٹر تک فروخت ہونے لگا ہے۔ سپلائی میں تعطل کی وجہ سے پورے صوبے میں ٹرانسپورٹ اور روزمرہ زندگی کا نظام شدید متاثر ہوا ہے۔ پٹرولیم کا یہ بحران نوشکی، خاران اور لورالائی سمیت کئی اضلاع میں شدت اختیار کر چکا ہے، جہاں محدود دستیابی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایندھن فروش فی لیٹر پٹرول کے 500 روپے تک وصول کر رہے ہیں۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پٹرول ختم ہونے کے باعث متعدد فلنگ اسٹیشنز عارضی طور پر بند ہو گئے ہیں، جبکہ کھلے ہوئے پمپس پر گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی میلوں لمبی قطاریں لگی ہوئی ہیں اور شہریوں کو گھنٹوں انتظار کی وجہ سے شدید ذہنی اذیت کا سامنا ہے۔ پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر قیام الدین آغا کا کہنا ہے کہ قلت پر قابو پانے کے لیے حکام نے شکارپور سے ایندھن کی سپلائی بڑھا دی ہے اور امید ہے کہ اگلے چند روز میں صورتحال معمول پر آ جائے گی۔ دوسری جانب، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے بحران کی اصل وجہ بتاتے ہوئے واضح کیا کہ ایرانی پٹرول کی سپلائی معطل ہونے کی وجہ سے پمپس پر اچانک رش بڑھا ہے، کیونکہ اس خطے میں مانگ کا ایک بڑا حصہ ایرانی پٹرول سے پورا ہوتا تھا۔ انہوں نے تصدیق کی کہ بدھ کے روز کوئٹہ کے پمپس کو 6 لاکھ لیٹر پٹرول فراہم کیا گیا ہے تاکہ سپلائی کو مستحکم کر کے عوامی دباؤ کو کم کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

کی دوپہر پیش آئی تھی۔ اے آر وائی نیوز کو موصول ہونے والی فوٹیج میں 30 سالہ خدیجہ کو اپنے شوہر کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اسی دوران گھات لگائے ملزمان نے موٹر سائیکل سوار جوڑے پر فائرنگ کر دی اور موقع سے فرار ہو گئے۔ فائرنگ کے نتیجے میں خدیجہ جاں بحق ہو گئیں، جب کہ ان کے شوہر خوش قسمتی سے محفوظ رہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور موقع پر بھگدڑ مچ گئی۔ پولیس کے مطابق مقتولہ اورنگی ٹاؤن کی فرید کالونی کی رہائشی اور دو بچوں کی ماں تھیں۔ وہ واقعے کے وقت اپنے میکے جا رہی تھیں۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ خاندانی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واردات میں 30 بور پستول استعمال کیا گیا، جب کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

یہ نگارو میزبان کامران خان نے آنے والے مالی سال کے بجٹ سے متعلق تفصیلی رپورٹ مرتب کی۔ انہوں نے بتایا کہ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت پیش کیے جانے والے بجٹ میں ایک طرف حکومت چاہتی ہے کہ معیشت مستحکم رہے اور ملک دوبارہ مالی بحران میں نہ جائے جبکہ دوسری جانب زمینی حقائق یہ ہیں کہ عوام مہنگائی، بے روزگاری اور کاروباری مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ کامران خان کے مطابق گزشتہ چند سالوں میں معیشت کو سنبھالنے کی کوشش تو کی گئی، لیکن اس دوران ترقی کی رفتار بہت سست ہو گئی۔ ملک میں سرمایہ کاری کم ہوئی، کاروبار متاثر ہوئے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بھی کم ہو گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق تقریباً 10 سال پہلے پاکستان پر قرضہ 19 کھرب روپے تھا، جواب بڑھ کر تقریباً 80 کھرب روپے تک پہنچ چکا ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ حکومت کی کمائی کا تقریباً 60 فیصد حصہ صرف قرضوں اور سود کی ادائیگی میں خرچ ہو جاتا ہے۔ اس وجہ سے حکومت کے پاس ترقیاتی منصوبوں، سڑکوں، تعلیم، صحت اور دیگر عوامی منصوبوں کے لیے فنڈ کم بچتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ وفاقی ترقیاتی بجٹ کئی برسوں سے تقریباً ایک ہی سطح پر کھڑا ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بھی اعتراف کیا ہے کہ قرضوں کی ادائیگی کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے باعث وفاقی ترقیاتی پروگرام گزشتہ آٹھ برسوں سے تقریباً ایک کھرب روپے کے قریب منجمد ہے، جبکہ اسی عرصے میں صوبائی ترقیاتی بجٹ تین گنا تک بڑھ چکے ہیں۔ دوسری جانب غیر ملکی سرمایہ کار بھی پاکستان میں سرمایہ کاری سے گریز کر رہے ہیں، حالیہ سروے کے مطابق زیادہ تر کاروباری ادارے اپنی نئی سرمایہ کاری روک رہے ہیں جبکہ رواں مالی سال بیرونی سرمایہ کاری میں بھی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا ٹیکس نظام بھی کمزور ہے، اگرچہ ٹیکس وصولیاں بڑھی ہیں لیکن اب بھی بہت کم لوگ ٹیکس دیتے ہیں زیادہ تر بوجھ تنخواہ دار طبقے اور رجسٹرڈ کاروبار پر ڈالا جا رہا ہے جبکہ معیشت کا بڑا حصہ اب بھی ٹیکس نیٹ سے باہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والا بجٹ حکومت کے لیے بڑا امتحان ہوگا، عوام امید کر رہے ہیں کہ حکومت ایسا بجٹ پیش کرے جو صرف نئے ٹیکس لگانے کے بجائے روزگار، سرمایہ کاری اور معیشت کی بہتری پر توجہ دے۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

جاں بحق ہو گیا۔ اے آر وائی نیوز کو موصول ہونے والی سی سی ٹی وی فوٹیج کے مطابق ایک تیز رفتار ٹریکٹر گلی سے گزر رہا تھا۔ اسی دوران 12 سالہ عثمان سائیکل چلاتے ہوئے فیصل اپارٹمنٹ سے باہر نکلا۔ فوٹیج کے مطابق عثمان کی سائیکل کا اگلا ٹائر ٹریکٹر کے پہیے سے ٹکرایا، جس کے باعث وہ سڑک پر گر گیا۔ سڑک پر گرتے ہی بچہ ٹریکٹر کے پچھلے ٹائر تلے آ گیا اور موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق متوفی عثمان کراچی پولیس آفس کے قریب واقع فیصل اپارٹمنٹ کا رہائشی تھا۔ حادثے کے بعد ٹریکٹر ڈرائیور نے فرار ہونے کی کوشش کی، تاہم اسے فوری طور پر حراست میں لے لیا گیا۔ اہلِ خانہ کے مطابق عثمان چوتھی جماعت کا طالب علم تھا اور 4 بہن بھائیوں میں دوسرے نمبر پر تھا۔ واقعے کے بعد علاقے میں سوگ کی فضا قائم ہے، جب کہ پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

45 مسافروں نے کھڑکیاں توڑیں اور بس سے کود کر جان بچائی۔ حادثے کا شکار بس خان پور سے علی پور جا رہی تھی کہ راستے میں مائی والی مسجد کے قریب اچانک اس میں شعلے بلند ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ادارے اور فائر بریگیڈ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور کئی گھنٹوں کی کوشش کے بعد آگ پر قابو پایا، تاہم اس وقت تک بس کا آدھا حصہ مکمل طور پر جل کر تباہ ہو گیا۔ مسافروں کا کہنا ہے کہ بس میں آموں کی پیٹیاں رکھی تھیں، جس میں لگے کیمیکل کی وجہ سے آگ لگی۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی نجکاری کے عمل میں ایک بڑی اور اہم پیشرفت سامنے آئی۔ سرکاری دستاویزات میں بتایا گیا کہ قومی ایئرلائن کی نجکاری ٹرانزیکشن کے تحت مجموعی طور پر ملکی اور غیر ملکی 12 اہم پراپرٹیز بھی نجی کنسورشیم کے حوالے کی جائیں گی، جن کی مجموعی مالیت اربوں روپے بنتی ہے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ ان 12 پراپرٹیز میں پاکستان کے اہم شہروں سمیت امریکہ، ایسٹرڈیم اور انڈیا میں موجود قیمتی کمرشل و ریزیڈنشل اثاثے شامل ہیں۔ حالیہ دستاویزات کے مطابق بیرونِ ملک جائیدادوں کی مالیت ڈالرز اور یورو میں لگائی گئی ہے، نیویارک/امریکہ میں موجود ریزیڈنشل پراپرٹی کی قیمت 19 لاکھ 35 ہزار امریکی ڈالر مقرر کی گئی ہے۔ ایسٹرڈیم میں پی آئی اے سیلز آفس کی ویلیوایشن 21 لاکھ 5 ہزار یورو جبکہ وہاں موجود ریزیڈنس مینیجر کی پراپرٹی کی مالیت 7 لاکھ 67 ہزار یورو لگائی گئی ہے۔ نئی دہلی میں پی آئی اے کے سیلز آفس کی ویلیوایشن 12 کروڑ 19 لاکھ بھارتی روپے سے زائد، جبکہ ریزیڈنشل پراپرٹی کی مالیت 11 کروڑ 25 لاکھ بھارتی روپے لگی ہے۔ پاکستان کے اندر موجود پی آئی اے کے اثاثوں کی ویلیوایشن اربوں روپے میں کی گئی ہے، جس میں پشاور آفس سب سے مہنگا ترین اثاثہ ہے، سیلز آفس کی سب سے زیادہ یعنی 5 ارب 56 کروڑ 14 لاکھ 4 ہزار روپے ویلیوایشن لگائی گئی ہے۔ اسلام آباد دارالحکومت میں واقع اس اہم دفتر کی مالیت 2 ارب 67 کروڑ 73 لاکھ روپے مقرر ہوئی ہے، راولپنڈی موجود بلنگ آفس کی ویلیوایشن 2 ارب 54 کروڑ 62 لاکھ روپے لگی ہے۔ بلوچستان کے دارالحکومت میں سیلز آفس کی بلڈنگ کی مالیت 91 کروڑ 57 لاکھ 92 ہزار روپے لگائی گئی ہے۔ دستاویزات کے مطابق ان 12 پراپرٹیز کی فروخت نجکاری کے اس بڑے پیکیج کا حصہ ہے جس کے تحت نجی کنسورشیم قومی ایئرلائن کے فضائی آپریشنز کے ساتھ ساتھ ان اثاثوں کا کنٹرول بھی سنبھالے گا۔ واضح رہے کہ پی آئی اے کے دیگر بڑے ہولڈز (جیسے نیویارک کا روزویلٹ ہوٹل اور پیرس کا سکرائب ہوٹل) اس ہولڈنگ کمپنی اور نجکاری کے اس مخصوص حصے سے الگ رکھے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

ملاقات کا امکان ہے، وہ حکومت کی بجٹ ٹیم سے ملاقاتیں کریں گے، جب کہ وزیر اعلیٰ سندھ اور بجٹ کمیٹی مذاکرات میں بلاول بھٹو کی معاونت کرے گی۔ بلاول بھٹو 6 جون کو گلگت سے اسلام آباد واپس پہنچیں گے، پیپلز پارٹی کے مطالبے پر حکومت نے بجٹ پیش کرنے کی تاریخ آگے بڑھائی، پی پی چیئرمین نے حکومت کو بجٹ ملتوی کرنے کا پیغام بھجوایا تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بلاول بھٹو جی بی الیکشن کے دوران بجٹ پیش کرنے پر ناراض ہیں، پی پی کوٹیکسز، پی ایس ڈی پی، پیٹرولیم لیوی کے معاملے پر تحفظات ہیں، اور وہ مزید ٹیکسز کے نفاذ، اور پٹرولیم لیوی اضافے کے خلاف ہے۔ پیپلز پارٹی کو پی ایس ڈی پی میں صوبائی شیئرز پر بھی تحفظات ہیں، حکومت پی ایس ڈی پی، پٹرولیم لیوی، اور ٹیکسز پر پی پی کو مطمئن نہیں کر سکی ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

بے ضابطگیوں کا ایک بڑا اسکینڈل سامنے آیا ہے، جس کے بعد صوبائی حکومت اور یونیورسٹی انتظامیہ نے ہنگامی بنیادوں پر سخت ایکشن شروع کر دیا ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق ابتدائی تحقیقات میں 514 ڈگریاں مشکوک پائی گئی ہیں، جن کی منسوخی کی سفارش کر دی گئی ہے۔ حالیہ مہم کے دوران یونیورسٹی سنڈیکیٹ کے فیصلے کی روشنی میں سابق ڈائریکٹر افیلی ایشن کو معطل کر دیا گیا ہے، جبکہ جعلی ڈگری کیس میں ملوث سابق کنٹرولر امتحانات کے خلاف بھی سخت تادیبی کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ مبینہ مالی خرد برد اور جعلی ڈگریوں کا کھیل سال 2019 سے 2023 کے درمیان کھیلا گیا، جس کا سرکاری ریکارڈ سامنے آنے کے بعد اب تحقیقات کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا گیا ہے۔ اسکینڈل کی گہرائی تک پہنچنے کے لیے حکومت نے ایک نئی اور بااختیار تحقیقاتی کمیٹی بھی قائم کر دی ہے۔ صوبائی وزیرِ تعلیم مینا آفریدی نے اس حوالے سے جاری اپنے اہم بیان میں کہا ہے کہ گولمل یونیورسٹی میں مالی خرد برد کے الزامات پر اعلیٰ سطح کی تحقیقات جاری ہیں اور حکومت نے احتساب کے عمل کو تیز کر دیا ہے۔ وزیرِ تعلیم کا کہنا تھا "گولمل یونیورسٹی اسکینڈل میں ملوث کسی بھی عنصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، وزیرِ اعلیٰ سہیل آفریدی کی سربراہی میں صوبے بھر میں بلا امتیاز احتساب کا عمل جاری رہے گا، ہم اعلیٰ تعلیم کے نظام کو کرپشن اور جعلی ڈگری مافیا سے پاک کر کے دم لیں گے اور طلبا کے مستقبل سے کھیلنے والوں کا سخت ترین احتساب ہوگا۔" انتظامیہ کے مطابق مشکوک ڈگریوں کی منسوخی کے ساتھ ساتھ ملوث افسران اور اہلکاروں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کرانے پر بھی غور کیا جا رہا ہے تاکہ مستقبل میں ایسے کسی بھی اقدام کا سدِ باب کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

17 سالہ فضا کی خاموشی سے تدفین کرنے والے تھے کہ پولیس نے اچانک گھر پر چھاپہ مار کر لاش کو تحویل میں لے لیا۔ پولیس نے مقتولہ کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دیا اور جائے وقوعہ سے شواہد جمع کیے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتولہ کے والد غلام مصطفیٰ کے اطلاع دینے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی۔ باپ کے بیان کے بعد ملزمہ شمشاد کو حراست میں لے کر تفتیش کے لیے تھانے منتقل کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

والی واردات سامنے آئی ہے، جہاں نامعلوم مسلح افراد گاڑیوں کے ایک تاجر کو زبردستی اغوا کر کے فرار ہو گئے۔ واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی منظرِ عام پر آ گئی، فوٹیج میں مشتبہ افراد کو باقاعدہ موقع کی ریکی (جاسوسی) کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے کہ تاجر کب اور کہاں موجود ہے۔ فوٹیج میں دیکھا گیا کہ ریکی پر مامور ایک شخص کے مخصوص اشارے پر گاڑی میں سوار دیگر مسلح افراد فوراً موقع پر پہنچے اور گاڑی رکتے ہی مسلح افراد نے تاجر کو گھیر لیا اور اسے زبردستی گاڑی میں بٹھا کر تیز رفتاری سے فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس حکام نے بتایا جائے وقوعہ اور اس کے گرد و نواح کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کر لی ہے اور "واقعے کی مختلف پہلوؤں سے باریک بینی کے ساتھ تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ یہ تاوان کے لیے اغوا کا معاملہ ہے، کوئی ذاتی دشمنی یا کاروباری لین دین کا تنازع ہر زاویے کو دیکھا جا رہا ہے۔ جلد ہی ملزمان کا سراغ لگا کر مغوی تاجر کو بازیاب کرا لیا جائے گا۔" خالد بن ولید روڈ کے تاجر برادری نے اس واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تاجروں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

، پاکستان اپنے ہمسائیہ اور دیرینہ ملک ایران کی ترقی کا خواہاں ہے، انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل، وزیر اعظم، نائب وزیر اعظم اور وزیر داخلہ عالمی امن کے لئے متحرک ہیں، ایران میں امن سے دونوں ممالک کی ترقی ہوگی، ایران، امریکہ کو ایک میز پر بٹھانا پاکستان کی کامیابی ہے، خیبر پختونخوا کے تجارتی اور پارلیمانی وفود کے باہمی تبادلہ ضروری ہیں، خیبر پختونخوا میں ایران کے تعاون سے معاشی ترقی کے وسیع امکانات ہیں

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

رت نیشنل ہائی وے اتھارٹی اجلاس ہوا، جس میں متعلقہ حکام نے مذکورہ موٹروے منصوبے پر بریفنگ دی۔ حکام نے بتایا کہ موٹروے کی مجموعی لمبائی 172 کلومیٹر ہوگی اور اس کی تعمیر سے مانسہرہ سے کاغان اور چلاس کا فاصلہ تقریباً 120 کلومیٹر تک کم ہو جائے گا۔ پہلے مرحلے میں مانسہرہ سے کاغان، ناران اور بابوسر ٹاپ جب کہ دوسرے مرحلے میں بابوسر ٹاپ سے چلاس موٹروے بنائی جائے گی۔ اس منصوبے میں 5.13 کلومیٹر طویل بابوسر ٹنل بھی بنائی جائے گی، جو ملک کی سب سے لمبی سرنگ ہوگی جب کہ نئی موٹروے کا یہ شاندار منصوبہ مغربی چین کو براہِ راست کراچی اور گوادر کی بندرگاہوں سے جوڑے گا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ موٹروے بحیرہ عرب سے مغربی چین تک پہنچنے کا تیز ترین، مختصر اور کم لاگت والا راستہ ہوگا۔ جدید سہولیات کے باعث یہ موٹروے علاقائی رابطوں، اقتصادی استحکام کی جانب اہم قدم ہے۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

یکی خاتون موریں ایشلے نے نوجوان کی محبت میں پاکستان پہنچ کر 21 سالہ کیف الوریٰ سے شادی کر لی۔ نکاح سے قبل موریں ایشلے نے اسلام قبول کیا اور خاتون کا اسلامی نام خدیجہ رکھا گیا۔ امریکی خاتون کا حق مہر 2000 ڈالر رکھا گیا۔ امریکی خاتون اور پاکستانی نوجوان کی سوشل میڈیا پر دوستی ہوئی تھی، جو محبت میں بدلی تو وہ سات سمندر پار پاکستان چلی آئی اور نوجوان کے علاقے کمال پور چشتیاں پہنچ گئی۔ نومسلم خاتون خدیجہ کا قبول اسلام اور نکاح کے بعد کہنا ہے کہ اس نے کسی دباؤ کے بغیر اپنی مرضی سے اسلام قبول کیا۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

کہنا تھا کہ امریکیوں نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ سفارت کاروں کی نہیں بلکہ میزائلوں کی زبان بہتر سمجھتے ہیں۔ انہوں نے ایرانی مسلح افواج خصوصاً پاسداران انقلاب کی بحری اور فضائی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ دوسری جانب ایرانی پاسداران انقلاب کی فضائیہ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے امریکی پانچویں بحری بیڑے کے ہیڈ کوارٹر، ایک فضائی اڈے اور خطے میں موجود دیگر امریکی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق یہ کارروائی قشم جزیرے کے جنوب میں ایک مواصلاتی ٹاور پر امریکی حملے کے جواب میں کی گئی ہے۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز کے قریب ایک ایرانی آئل ٹینکر پر مبینہ امریکی حملے کے بعد اس نے ایک ایسے بحری جہاز کو بھی نشانہ بنایا جسے ایران نے امریکی اور اسرائیلی مفادات سے منسلک قرار دیا۔ تاہم امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹ کام نے ایرانی دعوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی پانچویں بحری بیڑے کے ہیڈ کوارٹر کو کوئی نقصان نہیں پہنچا اور تمام خطرات کو بروقت ناکام بنا دیا گیا

بقیہ نمبر 20 ☆.....☆

سے کراچی آنے والی حج پرواز پی کے 860 کو بوئنگ 777 طیارے کا ایئر کنڈیشننگ سسٹم فیل ہونے پر 393 حجاج کرام نے جہاز کے اندر ہی شدید احتجاج کیا، جس کے بعد پرواز 17 گھنٹے کی طویل تاخیر کے بعد روانہ ہو سکی۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے کا بوئنگ 777 طیارہ گزشتہ ایک ماہ سے مرمت کے لیے ہینگر میں کھڑا تھا، پی آئی اے انجینئرز نے مبینہ طور پر ٹیسٹ فلائنگ اور دوبارہ مکمل چیکنگ کیے بغیر ہی اس طیارے کو حجاج کرام کو لینے کے لیے جدہ روانہ کر دیا۔ حجاج کرام پہلے ہی جدہ ایئرپورٹ پر 15 گھنٹے سے زائد وقت سے کراچی روانگی کے منتظر تھے، جب انہیں طیارے میں بٹھایا گیا تو جہاز کے ایئر کنڈیشننگ سسٹم نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ شدید گرمی اور حبس کے باعث مسافروں کا دم گھٹنے لگا، جس پر حجاج کرام نے شدید احتجاج کیا اور متبادل طیارے کے بغیر واپس جانے سے انکار کر دیا۔ صورتحال کشیدہ ہونے پر طیارے کے کپتان نے حجاج کرام کو واپس ایئرپورٹ لاؤنج منتقل کرنے کی ہدایت کی، جہاں انہیں جہاز سے اتار کر منتقل کیا گیا۔ دوسری جانب پی آئی اے کے ترجمان نے واقعے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ حجاج کرام کو ہونے والی دشواری پر معذرت خواہ ہیں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ "جہاز میں فنی خرابی کی اطلاع ملتے ہی انجینئرز کو بھیج دیا گیا تھا۔ سی ای او پی آئی اے اور انجینئرنگ انتظامیہ اس مسئلے کو جلد حل کرنے کے لیے کوشاں رہے، فنی خرابی کو مکمل طور پر دور کرنے کے بعد پرواز کو 17 گھنٹے کی تاخیر سے کراچی کے لیے روانہ کر دیا گیا ہے۔"

بقیہ نمبر 21 ☆.....☆

یکسر مسترد کرتے ہوئے اسے جعلی قرار دے دیا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ سندھ کی جانب سے کہا گیا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے کاروباری اوقات کے حوالے سے کوئی نیا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والا خط من گھڑت اور بے بنیاد ہے۔ ترجمان نے عوام اور تاجر برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ ایسی غیر مصدقہ اور افواہوں پر مبنی سوشل میڈیا اطلاعات پر بالکل یقین نہ کریں۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے سخت وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سرکاری نوٹیفکیشن صرف محکمہ داخلہ سندھ کے م

راجہ پرویز اشرف کا کلیام اعوان کا دورہ، ترقیاتی مسائل کے حل کی یقین دہانی

خواجہ فضل شاہ کلیامی کے دربار پر حاضری، سروس روڈ منصوبے کی تکمیل میں تعاون کا اعلان

کلیام اعوان (پی پی اے) سابق وزیراعظم و رکن قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کلیام اعوان کا دورہ کیا دربار عالیہ حضرت خواجہ فضل شاہ کلیامی پر حاضری دی اور ملکی ترقی وسلامتی کے لیے دعا کی مقامی وفود سے ملاقات کے دوران انہیں علاقے کے ترقیاتی مسائل سے آگاہ کیا گیا راجہ پرویز اشرف نے سروس روڈ اور دیگر منصوبوں سے متعلق مسائل حل کرانے اور ترقیاتی کاموں کی تکمیل کے لیے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی

دو ہفتوں میں ٹریفک خلاف ورزیوں پر 496 مقدمات درج

معمولی خلاف ورزیوں پر اصلاحی اقدامات اور جرمانوں کو ترجیح دینے کا مطالبہ



اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے گزشتہ دو ہفتوں کے دوران مختلف ٹریفک خلاف ورزیوں پر 496 مقدمات درج کیے ہیں سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد ضروری ہے تاہم معمولی خلاف ورزیوں پر فوجداری مقدمات کے بجائے جرمانوں اور اصلاحی اقدامات کو ترجیح دی جانی چاہیے جبکہ سنگین خلاف ورزیوں پر سخت قانونی کارروائی ہونی چاہیے

ضلع پنڈی گھیب کا قیام وقت کی اہم ضرورت، ملک ذیشان دیڑہ

ضلع کا درجہ ملنے سے علاقے میں ترقی اور معاشی استحکام آئے گا، پی ٹی آئی رہنما

(پنڈی گھیب۔زاہد ضیا نمائندہ خصوصی روزنامہ ڈیلی احساس نیوز) پاکستان تحریک انصاف تحصیل پنڈی گھیب کے صدر ملک ذیشان دیڑہ نے کہا کہ ضلع پنڈی گھیب وقت کی اہم ترین ضرورت ہے کیونکہ اس کے بغیر علاقہ بھر کی عوام کو درپیش مسائل کا حل ناممکن ہے۔انہوں نے کہا کہ 1904 کی قدیمی تحصیل کے باسیوں کا حق ہے کہ ضلع پنڈی گھیب کا قیام عمل میں لایا جائے۔جبکہ پنڈی گھیب کے ضلعی دفاتر، بنیادی ڈھانچہ، اور ایک آزاد بجٹ ہی علاقہ میں اقتصادی استحکام لاسکتا ہے۔ملک ذیشان نے تحریک انصاف کے دور حکومت میں ن لیگ پنڈی گھیب کے حالیہ ایم پی اے کا ضلع پنڈی گھیب بنانے کا مطالبہ یاد کراتے ہوئے کہا کہ حالیہ دور میں وہ اس مطالبہ کو نظر انداز کر رہے ہیں۔جبکہ انہوں نے پنڈی گھیب کو ضلع بنانے کی تحریر بھی اسمبلی میں جمع کرا رکھی تھی لیکن اس پر اب ان کی مکمل خاموشی لمحہ فکریہ ہے۔ملک ذیشان نے پنڈی گھیب کی عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ضلع بنانے کی غرض سے ایسے نمائندوں کو اسمبلی میں پہنچانا ہوگا جو ضلع ہنڈی گھیب کی آواز اسمبلی میں اٹھا سکنے کی ہمت بھی رکھتے ہوں۔

بنیان المرصوص ٹریبیوٹ میچ، پرائم منسٹر یوتھ پروگرام الیون کی شاندار کامیابی

کھیل قومی اتحاد کا ذریعہ ہیں، عطاء اللہ تارڑ کا یکجہتی کے فروغ پر زور

اسلام آباد (پی پی اے) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے بنیان المرصوص ٹریبیوٹ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ میں پرائم منسٹر یوتھ پروگرام الیون کی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ میچ معرکہ حق کی فتح کے جشن اور قومی یکجہتی کے اظہار کے لیے منعقد کیا گیا نیشنل کرکٹ سٹیڈیم ایف-7 اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرتے ہیں اور کرکٹ قوم کو متحد کرنے کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے میچ میں شریک شائقین، خصوصاً بچوں کی دلچسپی کو سراہتے ہوئے کہا کہ آج کے ایونٹ کے ذریعے مسلح افواج کے ساتھ یکجہتی اور قومی اتحاد کا پیغام دیا گیا میچ میں پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان، سابق کپتان شاہد آفریدی اور شوبز سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی میچ میں پرائم منسٹر یوتھ پروگرام الیون نے سلیپر بیٹیز الیون کو چار وکٹوں سے شکست دی سلیپر بیٹیز الیون نے 20 اوورز میں 185 رنز بنائے حسن لیاقت 76 رنز اور دو کیچز کے ساتھ مین آف دی میچ قرار پائے اور انہیں 25 ہزار روپے انعام دیا گیا

چوہدری ریاض کی فریال تالپور سے ملاقات، تنظیمی امور پر تبادلہ خیال

پیپلز پارٹی کی عوامی رابطہ مہم مزید مؤثر بنانے پر زور دیا گیا

اسلام آباد۔پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری ریاض پاکستان کی پارٹی کی چیئرپرسن فریال تالپور سے وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری ریاض نے پارٹی کی چیئرپرسن فریال تالپور سے وفد کے ہمراہ ملاقات کی جس میں پارٹی امور تنظیمی صورتحال اور سیاسی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال اور پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں سے متعلق امور زیر غور آئے۔وفد نے پارٹی کی مضبوطی تنظیمی ڈھانچے کی بہتری اور عوامی رابطہ مہم کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تجاویز پیش کیں اس موقع پر فریال تالپور نے پارٹی رہنماؤں کو ہدایت کی کہ وہ عوامی مسائل کے حل اور پارٹی پیغام کو نچلی سطح تک پہنچانے کے لیے اپنی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنائیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک میں جمہوریت کے استحکام اور عوامی خدمت کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی ملاقات میں آئندہ سیاسی حکمت عملی اور تنظیمی امور پر بھی غور کیا گیا جبکہ شرکاء نے پارٹی کو مزید متحرک اور منظم بنانے کے عزم کا اظہار کیا

مرکزی پریس کلب بھکھی کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

صحافتی اقدار اور عوامی مسائل کے حل میں مؤثر کردار کی امید

محمد عرفان کھرل (بیورو چیف شیخوپورہ) مرکزی پریس کلب بھکھی شیخوپورہ کے عہدیدار انچیئرمین: ملک احسان زین وٹو سینئر وائس چیئرمین: ڈاکٹر عمران مجید دیوائس چیئرمین: نعمان یٰسین مغل صدر: شہباز شوریا سینئر نائب صدر: غلام دستگیر نائب صدر: چوہدری قیصر گجر جنرل سیکرٹری: ڈاکٹر ذوہیب سلیجو انٹ سیکرٹری: تنویر حسین واہلہ سیکرٹری فنانس: محمد زمان وریا سیکرٹری اطلاعات: ملک علی حیدر مرکزی پریس کلب بھکھی شیخوپورہ کے تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ وہ صحافی برادری کی فلاح، صحافتی اقدار کے فروغ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھانے کی توفیق عطا فرمائے۔

ٹیکسلا کینٹ میں بدانتظامی کا نوٹس لیا جائے، سابق ممبر کینٹ بورڈ کی اپیل

ترقیاتی کاموں میں تاخیر اور بنیادی سہولتوں کی کمی پر تشویش

سابق ممبر کینٹ بورڈ کی ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس سے نوٹس لینے کی اپیل ٹیکسلا (سید معراج حسین) سابق ممبر کینٹ بورڈ سید سیف علی کاظمی نے ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس سے اپیل کی ہے کہ وہ ٹیکسلا کینٹ میں جاری مبینہ بدانتظامی اور عوامی مسائل کا فوری نوٹس لیں۔انہوں نے اپنے بیان میں الزام عائد کیا کہ سی ای او کینٹ بورڈ ٹیکسلا عمران خان عوامی مسائل کے حل میں ناکام ہو چکے ہیں اور اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا نہیں کر رہے۔ان کے مطابق ٹیکسلا کینٹ کی عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہے جبکہ ترقیاتی کام التوا کا شکار ہیں۔سید سیف علی کاظمی نے کہا کہ ڈھوک وجن کی گلیاں گزشتہ چار ماہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور ایک ٹھیکیدار ادھورا کام چھوڑ کر جا چکا ہے، مگر متعلقہ حکام کی جانب سے تاحال کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی۔انہوں نے مزید کہا کہ کینٹ بورڈ کی مالی صورتحال بھی خراب ہو چکی ہے اور مبینہ طور پر کرپشن میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔انہوں نے اس بات پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ محرم الحرام کی آمد قریب ہے جبکہ علاقے میں اسٹریٹ لائٹس خراب پڑی ہیں، جس سے سیکیورٹی خدشات بڑھ سکتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اگر خدانخواستہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آتا ہے تو اس کی ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔آخر میں انہوں نے ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس سے مطالبہ کیا کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بہترین کارکردگی پر پولیس افسران واہلکاروں کو تعریفی اسناد سے نوازا دیا گیا

جرائم کی روک تھام اور شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن

راولپنڈی (پی پی اے) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران اور اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ایس ایس پی انویسٹی گیشن ناصر علی خان نے ایس ایچ او چکلالہ انسپکٹر سکندر نواز ایس ایچ او رتہ امرال انسپکٹر علی حسنین ایس ایچ او بنی سب انسپکٹر ارسلان یٰسین ایس ایچ او واہ کینٹ سب انسپکٹر احسن علی ایس ایچ او پیرودھائی سب انسپکٹر مظہر حنیف قادری ہیڈ کانسٹیبل کفیل طارق شفیق الرحمٰن اور وقاص کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا اس موقع پر ناصر علی خان نے کہا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران اور اہلکار محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں، جبکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور جرائم کی روک تھام اولین ترجیح ہے

کاروباری اوقات محدود کرنے کا فیصلہ تاجروں کیلئے معاشی دھچکا قرار

توانائی بچت کے نام پر پابندیوں پر فوری نظرثانی کا مطالبہ

گوجرخان (بیورو چیف الطاف حسین) گوجرخان توانائی بچت کے نام پر لاک ڈاؤن کا فیصلہ تاجروں کے لیے معاشی موت کے مترادف، حکومت فوری نظرثانی کرے: تاجر برادری تفصیل کے مطابق گوجرخان پنجاب حکومت کی جانب سے توانائی بچت کے نام پر کاروباری اوقات محدود کرنے اور لاک ڈاؤن نما پابندیوں کے اعلان نے تاجر برادری میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔تاجروں کا کہنا ہے کہ موجودہ معاشی حالات میں اس قسم کے فیصلے کاروباری طبقے کے لیے "تابوت میں آخری کیل" ثابت ہو سکتے ہیں۔تاجر رہنماؤں اور کاروباری حلقوں نے اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ ملک پہلے ہی سنگین معاشی مشکلات کا شکار ہے جبکہ کاروباری سرگرمیاں مسلسل دباؤ کا سامنا کر رہی ہیں۔ایسے حالات میں تاجروں کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے نئی پابندیاں عائد کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔انہوں نے کہا کہ دکانوں کے بھاری کرائے، سلاز میں کی تنخواہیں، یوٹیلٹی بلز، متعدد اقسام کے ٹیکس، بڑھتی ہوئی مہنگائی، چالانوں اور جرمانوں نے تاجروں کا جینا دوبھر کر رکھا ہے۔کاروباری لاگت میں مسلسل اضافے کے باعث چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ اب توانائی بچانے کے نام پر مزید پابندیاں ان کے مسائل میں اضافہ کریں گی۔تاجروں کا کہنا تھا کہ اگر توانائی کے تحفظ کے لیے اقدامات ناگزیر ہیں تو سب سے پہلے حکمران طبقہ اور اشرافیہ اپنے شاہانہ اخراجات، غیر ضروری پروٹوکول اور سرکاری وسائل کے بے دریغ استعمال میں کمی لائے۔سادگی کو فروغ دے کر قومی وسائل بچائے جا سکتے ہیں، جبکہ تمام بوجھ صرف کاروباری طبقے پر ڈالنا ناانصافی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تاجر برادری پہلے ہی بھاری ٹیکسوں اور معاشی دباؤ کا شکار ہے ایسے میں کاروباری اوقات محدود کرنا معیشت اور روزگار دونوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔تاجروں نے مطالبہ کیا کہ پنجاب میں نافذ کی جانے والی ان پابندیوں اور لاک ڈاؤن نما اقدامات پر فوری نظرثانی کی جائے اور کاروباری طبقے کو بلاجواز مشکلات سے بچایا جائے۔تاجر رہنماؤں نے حکومت سے اپیل کی کہ وہ معیشت کے استحکام اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ایسے فیصلے کرے جو تاجروں اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کریں، نہ کہ انہیں مزید مشکلات سے دوچار کریں۔

شدید بارشوں کا خدشہ، ریسکیو 1122 راولپنڈی ہائی الرٹ پر

نالہ لئی اور نشیبی علاقوں میں ریسکیو اہلکار تعینات، شہریوں کو احتیاط کی ہدایت

راولپنڈی (پی پی اے) اسلام آباد اور راولپنڈی میں متوقع شدید بارشوں کے پیش نظر ریسکیو 1122 راولپنڈی نے ہائی الرٹ جاری کرتے ہوئے اہلکاروں کو نالہ لئی کٹاریاں گوالمنڈی اور دیگر حساس ونشیبی علاقوں میں تعینات کر دیا ہے ریسکیو حکام نے شہریوں کو غیر ضروری سفر سے گریز برساتی نالوں اور بجلی کے کھمبوں سے دور رہنے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے ترجمان کے مطابق کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری امداد کے لیے ریسکیو ہیلپ لائن 1122 سے رابطہ کیا

ترلائی کلاں میں ایکسائز کا خصوصی ناکہ، گاڑیوں کی جامع جانچ پڑتال

غیر رجسٹرڈ اور ٹیکس نادہندہ گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں تیز

ترلائی کلاں میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا خصوصی ناکہ، گاڑیوں کی جامع چیکنگ اسلام آباد (سید معراج حسین) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اسلام آباد نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کی حدود میں واقع ترلائی کلاں میں گاڑیوں کی چیکنگ کے لیے خصوصی ناکہ قائم کیا۔کارروائی ایکسائز انسپکٹر عمران خٹک کی زیر نگرانی انجام دی گئی، جس میں محکمہ کے اہلکاروں نے بھرپور حصہ لیا۔ناکے کے دوران متعدد گاڑیوں کو روک کر ان کے رجسٹریشن کاغذات، ٹوکن ٹیکس کی ادائیگی، ملکیتی دستاویزات اور فٹنس و انسپکشن کی جانچ پڑتال کی گئی۔اس موقع پر شہریوں کو ٹریفک اور ایکسائز قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی گئی، جبکہ نامکمل دستاویزات رکھنے والوں کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ایکسائز انسپکٹر عمران خٹک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کارروائیوں کا مقصد شہریوں کو قانون کی پابندی کی طرف راغب کرنا اور غیر رجسٹرڈ یا ٹیکس نادہندہ گاڑیوں کے خلاف مؤثر اقدامات کو یقینی بنانا ہے۔ان کے مطابق گاڑیوں کا مکمل اور درست ریکارڈ نہ صرف سرکاری محاصل میں اضافے کا سبب بنتا ہے بلکہ جرائم کی روک تھام اور مشکوک گاڑیوں کی نشاندہی میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنے ہمراہ گاڑی کے رجسٹریشن کاغذات، ٹوکن ٹیکس کی ادائیگی کے ثبوت اور دیگر ضروری دستاویزات رکھیں اور گاڑیوں کی بروقت انسپکشن کروائیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ایکسائز حکام کے مطابق اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں اس نوعیت کی چیکنگ مہمات جاری رہیں گی تاکہ ٹیکس نظام کو مؤثر بنایا جا سکے اور قانون شکنی کے خلاف کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس آج، اربوں روپے کے اضافی فنڈز زیر غور

ترقیاتی منصوبوں، سیکیورٹی اخراجات اور نئی گرانٹس پر ای سی سی میں فیصلہ متوقع

اسلام آباد (پی پی اے) اقتصادی رابطہ کمیٹی ای سی سی کا اہم اجلاس کل صبح 10 بجے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے زیر صدارت منعقد ہوگا جس میں مختلف وزارتوں اداروں اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے اربوں روپے کے اضافی فنڈز اور گرانٹس کی منظوری پر غور کیا جائے گا دستاویزات کے مطابق کابینہ ڈویژن کے لیے 70 کروڑ 62 لاکھ روپے پاکستان پورٹس اتھارٹی کے لیے 52 کروڑ 80 لاکھ روپے نیکٹا کے لیے 15 کروڑ روپے جبکہ پارلیمانی امور ڈویژن کے لیے ایک کروڑ 99 لاکھ روپے کی اضافی گرانٹس کی منظوری ایجنڈے میں شامل ہے۔اجلاس میں پاک بحریہ کے ہینگر منصوبے پاکستان منٹ اپ گریڈیشن منصوبے اور اسپیشل کمیونیکیشن آرگنائزیشن ایس سی او کے لیے اضافی فنڈز کی سمریوں پر بھی غور کیا جائے گا ای سی سی اسلام آباد میں سیکیورٹی انتظامات کے لیے 68 کروڑ 92 لاکھ روپے ترلائی دھماکے کے متاثرین کے امدادی پیکیج اور ریکوڈک منصوبے کی سیکیورٹی ادائیگیوں کے لیے 341 کروڑ روپے کی منظوری پر بھی غور کرے گی انسداد اسمگلنگ آپریشن کے لیے فاسٹ پٹرول بوٹس کی خریداری اور وزارت داخلہ کے پی ایس ڈی پی فنڈز میں اضافے کی درخواست بھی اجلاس کے ایجنڈے کا حصہ ہے اجلاس میں کراچی حیدرآباد اور خیبر پختونخوا کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے پی ایس ڈی پی فنڈز کی منتقلی آئی پی او پاکستان کے بجٹ تخمینوں کی منظوری اور پاکستان اسٹیٹ آئل پی ایس او کے لیے سٹڈ بکیڈ رنگ فنانس سہولت کی منظوری پر بھی غور کیا جائے گا دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے اقتصادی رابطہ کمیٹی کی تشکیل نو کی منظوری دے دی ہے ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے لیے 4 فیصد شرح نمو 2.8 فیصد مہنگائی اور 4 ہزار 715 ارب روپے کے ترقیاتی بجٹ سے متعلق سفارشات بھی زیر غور آئیں گی

کاروباری اوقات محدود کرنے کا فیصلہ تاجروں کیلئے معاشی دھچکا قرار

توانائی بچت کے نام پر پابندیوں پر فوری نظرثانی کا مطالبہ

گوجرخان (بیورو چیف الطاف حسین) گوجرخان توانائی بچت کے نام پر لاک ڈاؤن کا فیصلہ تاجروں کے لیے معاشی موت کے مترادف، حکومت فوری نظرثانی کرے: تاجر برادری تفصیل کے مطابق گوجرخان پنجاب حکومت کی جانب سے توانائی بچت کے نام پر کاروباری اوقات محدود کرنے اور لاک ڈاؤن نما پابندیوں کے اعلان نے تاجر برادری میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔تاجروں کا کہنا ہے کہ موجودہ معاشی حالات میں اس قسم کے فیصلے کاروباری طبقے کے لیے "تابوت میں آخری کیل" ثابت ہو سکتے ہیں۔تاجر رہنماؤں اور کاروباری حلقوں نے اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ ملک پہلے ہی سنگین معاشی مشکلات کا شکار ہے جبکہ کاروباری سرگرمیاں مسلسل دباؤ کا سامنا کر رہی ہیں۔ایسے حالات میں تاجروں کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے نئی پابندیاں عائد کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔انہوں نے کہا کہ دکانوں کے بھاری کرائے، سلاز میں کی تنخواہیں، یوٹیلٹی بلز، متعدد اقسام کے ٹیکس، بڑھتی ہوئی مہنگائی، چالانوں اور جرمانوں نے تاجروں کا جینا دوبھر کر رکھا ہے۔کاروباری لاگت میں مسلسل اضافے کے باعث چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں جبکہ اب توانائی بچانے کے نام پر مزید پابندیاں ان کے مسائل میں اضافہ کریں گی۔تاجروں کا کہنا تھا کہ اگر توانائی کے تحفظ کے لیے اقدامات ناگزیر ہیں تو سب سے پہلے حکمران طبقہ اور اشرافیہ اپنے شاہانہ اخراجات، غیر ضروری پروٹوکول اور سرکاری وسائل کے بے دریغ استعمال میں کمی لائے۔سادگی کو فروغ دے کر قومی وسائل بچائے جا سکتے ہیں، جبکہ تمام بوجھ صرف کاروباری طبقے پر ڈالنا ناانصافی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تاجر برادری پہلے ہی بھاری ٹیکسوں اور معاشی دباؤ کا شکار ہے ایسے میں کاروباری اوقات محدود کرنا معیشت اور روزگار دونوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔تاجروں نے مطالبہ کیا کہ پنجاب میں نافذ کی جانے والی ان پابندیوں اور لاک ڈاؤن نما اقدامات پر فوری نظرثانی کی جائے اور کاروباری طبقے کو بلاجواز مشکلات سے بچایا جائے۔تاجر رہنماؤں نے حکومت سے اپیل کی کہ وہ معیشت کے استحکام اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ایسے فیصلے کرے جو تاجروں اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ کریں، نہ کہ انہیں مزید مشکلات سے دوچار کریں۔

محرم الحرام کے پرامن انعقاد کیلئے کلایہ میں گرینڈ جرگہ

بین المسالک ہم آہنگی اور امن کے فروغ کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی

پشاور (زاہداللہ اورکزئی) ضلع اورکزئی میں محرم الحرام کے پرامن اور منظم انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے کلایہ ہیڈکوارٹر میں گرینڈ جرگہ منعقد ہوا۔ جرگہ کی صدارت کمشنر کوہاٹ ڈویژن معتصم باللہ شاہ نے کی جبکہ ڈپٹی کمشنر محمد عرفان الدین، کمانڈنٹ اورکزئی سکاؤٹس کرنل عدنان جاوید، ڈی پی او شوکت علی، ضلعی انتظامیہ، پولیس اور اہل سنت و اہل تشیع کے مشران نے شرکت کی۔ جرگہ میں محرم الحرام کے دوران امن و امان، بین المسالک ہم آہنگی اور سیکیورٹی انتظامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ شرکاء نے ضلع میں امن، بھائی چارے اور مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے مشترکہ کوششوں اور انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوہاٹ معتصم باللہ شاہ ڈی سی عرفان الدین و دیگر نے کہا کہ ضلع اورکزئی میں امن و استحکام کے قیام اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ میں مقامی مشران کا کردار انتہائی اہم ہے

کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال پر تاجر برادری اور میڈیا کو خراج تحسین

اتحاد اور یکجہتی نے عوامی آواز کو مزید مضبوط کر دیا

گوجرخان (بیورو چیف الطاف حسین) گوجرخان میں کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال کے انعقاد پر پوری تاجر برادری، سول سوسائٹی، سیاسی و سماجی شخصیات، پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا، سوشل میڈیا ایکٹوسٹس اور تمام میڈیا نمائندگان کو دلی سلام اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔آپ سب نے جس اتحاد، یکجہتی، شعور اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا، وہ گوجرخان کی تاریخ میں ایک مثبت مثال کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔اس کامیاب ہڑتال نے ثابت کر دیا کہ جب عوام اور تاجر برادری کسی جائز مقصد کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو جائیں تو ان کی آواز کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔خصوصی طور پر میڈیا کے تمام دوستوں کا شکریہ جنہوں تاجروں کے مؤقف کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا اور اس جدوجہد کو ہر سطح تک پہنچایا۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے شہر، اپنے لوگوں اور اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے اسی جذبے، اخلاص اور اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔پاکستان زندہ باد، گوجرخان پائندہ باد۔

دربار حسنی حسینی شریف میں ماہانہ درس قرآن اور محفلِ ذکر کا انعقاد

امت مسلمہ، پاکستان اور ایران کی سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں

گوجرخان (بیورو چیف الطاف حسین) گوجرخان (لنگر ابو طالب علیہ السلام) فیضان شاہ ہمدان بھنگالی شریف) 1 جون 2026 دربار عالیہ حسنی حسینی شریف گوجرخان (ماہانہ درس قرآن اور ذکر اہل بیت علیہ السلام) اور "یوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی محفل کا انعقاد کیا گیا زیر سرپرستی" حضرت صاحبزادہ پیر سید قیصر عباس شاہ بخاری صاحب (سجادہ نشین دربار عالیہ حسنی حسینی شریف گوجر خان) نے فرمائی۔"زیر صدارت" صاحبزادہ سید باسط حسین شاہ بخاری صاحب (دربار عالیہ حسنی حسینی شریف گوجر خان) نے فرمائی۔"خطاب" حضرت علامہ مسکین چشتی صاحب نے فرمایا۔"سادات کرام، علماء کرام نے شرکت کی۔" اور "ثناء خوانوں (مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام) کی بارگاہ اقدس میں ہدیہ عقیدت پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ کثیر تعداد میں مریدین، اور عقیدت مند اور اہل علاقہ نے شرکت کی۔ قبلہ پیر صاحب نے اختتامی دعا فرمائی۔ بالخصوص ایران کے شہداء کے لیے اور امت مسلمہ اور ملک پاکستان اور ایران کی سلامتی کے لیے دعا فرمائی۔

ڈی ایس پی مرزا یوسف رضا کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب

امت مسلمہ، پاکستان اور ایران کی سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں

گجرات: (سٹی رپورٹر) گجرات سے تبادلہ ہونے پر ڈی ایس پی آرگنائز کرائم یونٹ مرزا یوسف رضا کے اعزاز میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر گجرات اختر فاروق، ضلع بھر کے ڈی ایس پیز اور دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر افسران نے مرزا یوسف رضا کی پیشہ ورانہ خدمات، دیانتداری اور جرائم کے خلاف مؤثر کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ڈی پی او گجرات اختر فاروق نے مرزا یوسف رضا کی محکمہ پولیس کے لیے خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ڈپٹی کمشنر کا بی ایچ یو توغ بالا کا اچانک دورہ

بروقت علاج اور معیاری طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

پشاور (زاہداللہ اورکزئی) ڈپٹی کمشنر کوہاٹ کا بی ایچ یو توغ بالا میں طبی سہولیات کا جائزہ، بروقت علاج یقینی بنانے کی ہدایت ڈپٹی کمشنر کوہاٹ محمد نواز وزیر نے بنیادی مرکز صحت (بی ایچ یو) توغ بالا کا اچانک دورہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ایمرجنسی وارڈ سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو دستیاب سہولیات، ادویات کے ذخیرے، صفائی کی صورتحال اور انتظامی امور کا مشاہدہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام اور طبی عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔انہوں نے زور دیا کہ ضروری ادویات ہر وقت دستیاب ہوں اور علاج معالجے کے عمل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے طبی عملے کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ڈیوٹی کے اوقات کی سختی سے پابندی کریں، ہسپتال میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی، احترام اور پیشہ ورانہ انداز میں پیش آئیں تاکہ عوام کا سرکاری صحت کے اداروں پر اعتماد مزید مضبوط ہو۔ ڈپٹی کمشنر نے صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنانے اور عوامی خدمات کے معیار میں بہتری لانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔انہوں نے کہا کہ صحت کے مراکز میں صاف ستھرا ماحول اور مؤثر انتظامی نظام مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے اور سرکاری طبی مراکز کی کارکردگی میں بہتری کیلئے باقاعدہ نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں میسر آسکیں۔

ستھرا پنجاب اتھارٹی کی کارروائی، سرکاری مشینری کا ناجائز استعمال ناکام

سرکاری وسائل کے غلط استعمال پر ڈرائیورز کے خلاف کارروائی شروع

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ستھرا پنجاب اتھارٹی کی بڑی کارروائی، سرکاری مشینری کا ناجائز استعمال ناکام دو ٹریکٹر ٹرالیاں اور ل